دفعہ ۵۸ موصولہ واپس شدہ پر اگر تجویز (الف) ہے تو اوس کو تاریخ پیشی کے رجسٹر مین اوسی تاریخ مین درج کرنا چاہیئے۔ جس تاریخ مین پیش کرنے کا حکم ہے۔ یہ رجسٹر ہر ایک دفتردار کے پاس رہنا چاہیئے۔ جس مین موقّت احکام کی یادداشت وقت بوقت لکھی جایا کرے گی۔ اس رجسٹر کا نمونہ حسب ذیل رہے گا۔

نمونہ نمبر (۱۲) رجسٹر تاریخ پیشی متعلقہ صیغہ (   ) دفتر (   ) بابت سنہ ۱۳

تاریخ بقید الکھی و ہلالی			خلاصہ مقدمہ	تاریخ پیشی	کیفیت تبدیل تاریخ
[illegible]	[illegible]	[illegible]			
۱	۲	۳	۴	۵	۶

یہ نمونہ رجسٹر کے عنوان پر لگایا جاوے گا اور ہر ایک صفحہ رجسٹر کا ایک تاریخ کے لئے چھوڑا جاوے گا۔ یعنے یہ رجسٹر مثل تقویم کے سال تمام کی تاریخون سے مکمّل رہیگا جس مین (۳۶۰) صفحے ہون گے۔ جن تاریخون مین سرکاری تعطیلات ہین اون صفحات مین سرخی سے اشارہ کردیا جائیگا دفتردار کا فرض ہے کہ ہمیشہ ہر روز اوّلِ وقت ایک دفعہ اس رجسٹر کو دیکہا کرے تاکہ جس روز جو مثل پیش کرنے کے قابل ہے اوّلِ وقت پیش ہو جاسکے۔

دفعہ ۵۹ بعد ازین کہ مثل واپس شدہ اس رجسٹر مین درج کردی گئی۔ بستۂ امثلہ مین اوسی نشانپر رکھدی جاوے گی جس نشان سے نکالی گئی ہے اور جو یادداشت کہ بعوضِ مثل طبلق مین رکھدی گئی تھی وہ نکال لی جاوے گی۔ تاریخ مقررہ پر اوس مثل کو

اوسی طرح اونهین تمام ہدایات کی پابندی کے ساتھ مکرّر پیش کرنا ہوگا جس قدر ہدایات کہ اوپر بیان ہو چکے ہین۔ موصولۂ منسلکہ تاریخ مذکور تک اوسی طرح بالائے مثل منسلک رہے گا جس طرح پیش کرتے وقت منسلک تہا۔

تعمیل حکم ب کے متعلق

دفعہ ۶ اگر کاغذ واپس شدہ پر یہ حکم ہو کہ اوس کو کسی اور کاغذ یا مثل یا کسی حساب کی تنقیح وغیرہ کے بعد پیش کیا جاوے تو فورًا اوس کی تعمیل ہونی چاہیئے۔ اگر تنقیح کسی دوسرے اہلکار سے متعلق ہے اور اوس کے لئے کچھہ عرصہ کی ضرورت ہے تو دفتردار کا کام ہوگا کہ وہ رجسٹرِ داد وستد مین واپسی کی شرح لکھہ کر تاریخ واپسی مین مکرّر درج رجسٹر کرے۔ اور باخذ رسید کاغذ یا مثل مذکور اوس اہل کار کے سپرد کرے جس کے متعلق تنقیح کا

کام ہے۔ اور مجدّد واپسی وتکمیل تنقیح بدرج رجسٹر داد وستد حاکم کے اجلاس پر پیش کر دیوے۔ حاصل یہ ہے کہ ہر دو ہلہ مین کاغذات یا امثلہ کی نقل وحرکت اونہین تمام پابندیون کے ساتھہ ہوگی جنکی صراحت اوپر ہو چکی ہے۔

تعمیل تجویز حکم کے متعلق **دفعہ ۱۶** موصولہ پیش شدہ پر اگر شامل مثل رہنے کا حکم لکھا گیا ہے تو بعد ازآن کہ واپسی کے متعلق رجسٹر داد وستد مین حسب ہدایات مندرجۂ دفعہ (۵۷) داخلہ لکھہ لیا جاوے۔ دفتردار کا فرض ہوگا کہ ایک نظر اوس مثل کی کارروائی پر ڈالے یعنی اگر اوس موصولہ کے وصول کے بعد مثل کی کارروائی مکمّل ہو چکی ہو تو بعد ازآن کہ موصولۂ مذکور فہرست مین درج اور مثل کی نتّھی متعلقہ مین ٹانکدیا جاوے مثل مذکور بستۂ متدائرہ مین نہ رکھی جاوے گی

بلکہ ایک جدا بستہ مین رکھی جاوے گی جو مکمّلہ امثلہ
کے لئے ہر ایک صیغہ مین مرتب رہے گا۔
امثلہ مکمّلہ کے متعلق دفتردار کے فرائض دفعات ۱۱۴
و ۱۱۵ مین آگے بیان ہون گے۔ واضح ہو کہ بستۂ
متدائرہ مین اوس مثل کی جگہ جو یادداشت کہ مثل کے
پیش کرتے وقت طبلق مین رکھی گئی ہے وہ یادداشت
بدستور اوسی مقام پر رہے گی۔

تعمیل تجویز حکم د کے متعلق **دفعہ ۶۲** اگر موصولہ تجویز
شدہ پر تجویز د درج ہو تو بعد ازآن کہ رجسٹر داد وستد
مین واپسی لکھہ لی جاوے۔ دفتردار کا فرض ہے کہ
وہ تجویز کے مطابق مسوّدہ مرتب کرے۔ اور اگر
تجویز مذکور مسوّدہ کے طرز پر ہو جس کے جداگانہ
مسوّدہ کی ضرورت نہ ہو تو فوراً مبیّضہ تیار کرلینا
چاہیئے۔ اگر مسودہ جداگانہ لکھا جاوے تو لزوماً اوسپر

مثل کا نشان ثبت کرنا چاہیئے۔ تاکہ رجسٹر مجاریہ
نشان مثل سے معرا اور ناقص نہ رہجاوے۔
مسوّدہ جداگانہ اور مبیّضہ جوابی جس کا جداگانہ مسوّدہ
ضرور نہین۔ دونون کے نمونے ذیل مین مندرج
ہین۔ بعد ازآن کہ مسودہ یا مبیضہ تیار ہو۔
صیغہ دار کا فرض ہے کہ اوس کی ترتیب کے متعلق
اطمینان حاصل کرکے اوس پر اپنی تنقیح کرے
صیغہ دار کا فرض ہے کہ کسی مبیّضہ پر اوس وقت
تک تنقیح نہ کرے جب تک کہ اوسپر قراءت
اور سماعت کی علامت بصراحت نام قاری و
سامع نہ ہو۔ مقابلہ کے بعد بھی صیغہ دار کو
صحّت مبیضہ پر اپنا اطمینان حاصل کرنا چاہیئے

نمونۂ مسوّدہ مراسلہ نمبر (۱۳)

مراسلہ دفتر (   ) واقع ماہ الٰہی سنہ ۱۳ ف

نشان مجاریہ م ماہ سنہ ۱۳ ھ

نشان مثل (   ) (   )

مسوّدہ

منجانب (نام) (عہدہ) مقدمہ

خدمت (نام) (عہدہ)

بجواب مراسلۂ آن دفتر نشان (   ) بمقدمۂ مندرجۂ عنوان
نگارش ہے۔ کہ

دستخط محرر مسودہ بصراحت تاریخ

(   )

نمونہ مبیّضہ جوابی نمبر(۱۴۱)

مراسلہ دفتر (   ) واقع   ماہ الٰہی سنہ ۱۳۰۱ف

نشان مجاریہ   م   ماہ   سنہ ۱۳۰۱ع

(   )

(یتیمی)

منجانب (   ) (   )

خدمت (   ) (   )

صراحت مقدمہ	تاریخ موصولہ	نشان موصولہ

نگارش ہے۔ کہ

(   )   (   )

مسودہ اور مبیضہ پیش کرنے کے احکام

دفعہ ۶۳ مسوّدہ اور مبیّضہ کے ساتھ سالم مثل منسلک نرہے گی بلکہ صرف وہ مراسلہ منسلک رہیگا جسپر تجویزی حکم لکھا گیا ہے جس کے مطابق مسوّدہ مرتب ہوا ہے۔ اور جب تک مسوّدہ اور مبیّضہ مرتب ہو کر اجرائی عمل مین نہ آوے مثل متعلقہ کو دفتردار ایک ایسے بستہ مین محفوظ رکہے گا جس کو خاص کر ایسی مثلون کے لئے بستۂ شمولی کے نام سے موسوم کیا گیا ہو۔

دفعہ ۶۴ دفتردار کو مسوّدہ مرتب کرنے کے بعد حکم مندرجۂ موصولہ پر بصراحت تاریخ و ماہ لکھدینا چاہیئے کہ مسوّدہ لکھا گیا۔ علیٰ ہذا مبیّضہ کے لکھے جانے کے بعد بہی مسوّدہ پر یہ اشارہ کردینا چاہیئے کہ مبیّضہ لکھدیا گیا۔ ورنہ اجرائی مکرّر کا اندیشہ ہے۔

دفعہ ۶۵ جس روز تجویزی موصولہ صیغہ مین واپس

ہوا ہے ۔ حتی الوسع اوسی روز اور زیادہ سے زیادہ اوس کے دوسرے روز مسوّدہ لکھنا چاہیئے ۔ اور مسوّدہ کو بعد تنقیح صیغہ دار حکم کے ساتھ دستخط کی غرض سے حاکم مجاز کے پاس پیش کر دینا چاہیئے ۔ بعد ازآن کہ مسوّدہ پر دستخط ہو جاوین فورًا مبیّضہ تیار ہو گا ۔ اور حاکم متعلقہ کی دستخط اور محکمہ کی مُہر ہونے کے بعد اجرائی کی غرض سے صیغۂ اجرائی مین دے دیا جاوے گا ۔ مبیّضہ اور مسوّدہ پر حاکم کے دستخط ہون گے ۔ اگر دفتردار کو دست بدست لینے کا اتفاق ہو تو رجسٹر داد و ستد مین کہتاؤنی کی ضرورت نہ ہوگی ۔ ورنہ ہر دو حالہ مین ضرور ہوگا کہ رجسٹر داد و ستد مین داخلہ رکھا جاوے اور بعد واپسی واپسی لکھی جاوے ۔

دفعہ ۶۶ | دفترداروں کے کام کا اندازہ

اس موقع پر معلوم کرنا چاہیئے کہ جس قدر کام دفتردار کے متعلق بیان

ہوئے ہین وہ حسب ذیل ہین۔

(۱) موصولہ کا لینا۔

(۲) نئی مثل بنانا۔ یا مثل سابق برآمد کرنا۔

(۳) بغرض تجویز حاکم کے پاس پیش کرنا۔

(۴) بعد حکم مسوّدہ لکھنا۔

(۵) مبیّضہ لکھنا۔

(۶) بعد اجرائی شامل مثل کرنا۔ اور مکمّلہ مثلون کو داخل دفتر کرنا۔ یہ کام دفعاتِ آیندہ مین بیان ہوگا۔

مندرجۂ بالا اقسام کار بالاجمال ہین۔ ہر ایک کام کے متعلق تفصیلی ہدایات دفعات ماضیہ وآیندہ سے معلوم ہوسکتے ہین۔ پس اس موقع پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک دفتر دار اس قدر کامون کا متحمّل ہوسکتا ہے۔ یا نہین۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نہین۔

اسی لئے تجربہ سے دفتر داری کا انتظام دو طریق پر قرار پایا ہے ۔

(الف) یہ کہ ہر ایک صیغہ مین ایک اہلکار یا بصورت ازدیاد کار دو یا تین اہل کار صرف کار ہاے (۱ و ۲ و ۳ و ۶) کے لئے مقرر کئے جاوین۔ اور کار نمبر (۴) کے لئے ایک خاص اہل کار مقرر ہو۔ اور نمبر (۵) بہی ایک اہل کار خاص سے متعلق کیا جاوے یا نمبر (۴) و (۵) کو ایک شخص کے تفویض کیا جاوے ۔

(ب) تمام کام نمبر (۱) سے (۶) تک ایک ہی اہل کار کے متعلق کئے جاوین۔ لیکن ابواب صیغہ سے جن کی صراحت دفعہ (۴۱) مین ہوئی ہے چند چند ابواب ایک ایک اہل کار سے متعلق کر دیئے جاوین۔ گویا وہ اہل کار اون ابواب کا دفتر دار رہے۔ اور اُن ابواب کے متعلق کل کام اپنی ہی ذات سے کرے۔

صورت (ب) کو (الف) پر ترجیح ہے جس مین ہر ایک کام کی ذمہ داریون کی تقسیم عمدہ طور پر ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۶۷ بعدازین کہ مبیضے حاکم کی دستخط اور مُہر کے بعد تیار ہو جاوین۔ دفتر دارِ متعلقہ کا فرض ہے کہ اونکو کتاب داد و ستد مین درج کرکے باخذ رسید صیغہ دار مجاریہ کے تفویض کرے۔

دفتر چارم مجاریہ کے متعلق

مجاریہ کی تعریف

دفعہ ۶۸ مجاریہ دفتری اصطلاح مین اوس کاغذ کا نام ہے۔ جو دوسرے دفتر کے نام جاری ہوتا ہے۔ یہی کاغذ دفتر مکتوب الیہ مین موصولہ سے موسوم ہوتا ہے۔

دفعہ ۶۹ صیغہ دار مجاریہ کا کام ہے کہ جب دفتر دار اپنے صیغہ کے مبیضے بغرض اجرائی مسودون کے سات صیغۂ مجاریہ کے حوالہ کرنا چاہے تو بلا تأمل رسید دیکر

سے لیوے ۔ لیکن اون مبیّضون کے لینے سے انکار جائز ہے جن کے مسوّدون پر نشانِ مثل ثبت نہ ہو۔

دفعہ ۷۰ صیغہ دار مجاریہ کا کام ہے کہ مبیضہ ہاے مذکور کو علاقہ وار جدا جدا حصّون پر تقسیم کرے یعنی جس قدر مجاریہ کے رجسٹر علاقہ وار مرتب ہین اون کے لحاظ سے ہر ایک رجسٹر مین اوس کے متعلقہ مبیّضے کہتا ونی کرے ۔

مجاریون کے رجسٹر اور اونکے نمونے

دفعہ ۷۱ مجاریہ کے رجسٹر کی بھی دو قسم ہین ۔

(۱) مجاریۂ علاقہ ۔

(۲) مجاریۂ متفرق ۔ جیساکہ دفعہ (۲۵) مین موصولہ کے متعلق بیان ہوا ہے ۔

نمونہ رجسٹر ہاے ہر دو قسم ذیل مین مندرج ہین ۔

نمونہ نمبر (۱۵) رجسٹر مجاریہ علاقہ (   ) متعلقہ دفتر (   ) بابتہ سسم سنہ   ف

نشان علاقہ	تاریخ	خلاصہ مراسلہ	تعداد لفوفات	نشان مثل	رسید دفتر دار	نشان و تاریخ جواب		کیفیت
						نشان	تاریخ	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

نمونہ نمبر (۱۶) رجسٹر متفرق متعلقہ دفتر (   ) بابتہ سسم سنہ   ف

نشان متفرق	تاریخ	نام مکتوب الیہ	خلاصہ مراسلہ	تعداد لفوفات	نشان مثل	رسید دفتر دار	نشان و تاریخ جواب		کیفیت
							نشان	تاریخ	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

دفعہ ۲۷ مجاریہ فہمایشنامہ و نیم سرکاری بحسب نمونہ مجاریہ متفرق جداگانہ قائم رہنا مناسب ہے جس طرح موصولۂ عرائض۔ اور مجاریۂ گشتیات یا مراسلات کلیات بھی بحسب نمونۂ مجاریہ نشان علاقہ جداگانہ قائم رہنا چاہیئے۔ گشتیات اور کلّیات کا فرق دفعہ (۳۶۴) جلد دوم مجموعہ مال گزاری کے ملاحظہ سے معلوم ہوسکتا ہے۔

دفعہ ۳۲ مجاریہ نویس کا فرض ہے کہ رجسٹر مجاریہ مین مراسلات قابل اجرا کو مجاریۂ علاقہ مین خانہ(۵) تک۔ اور مجاریہ متفرق مین خانہ (۶) تک کہتاونی کرے خانہ ہاے نشان و تاریخ جواب مندرجہ رجسٹر ہاے مجاریہ کی خانہ پُری موصولہ نویس کا کام ہے جیساکہ دفعہ ۲۹ مین بیان ہوا ہے۔

دفعہ ۴۲ بعد ازآن کہ کل مراسلات مجاریہ کی کہتاونی

ہو جاوے اور مراسلات پر نشان و تاریخ ثبت ہو جاوے
مجاریہ نویس کا فرض ہے کہ صرف مراسلاتِ جوابی کے
نشان و تاریخ کو بحوالۂ موصولۂ محولہ۔ رجسٹر ہاے موصولہ
کے خانۂ جواب مین درج کرے۔ واضح ہو کہ اِن خاص
اغراض اور کامونکے تعلقات کے لحاظ سے جو مجاریہ کو
موصولہ کے ساتھ ہین اہلکارانِ موصولہ و مجاریہ کی نشست
ایک دوسرے کے پاس رہنا نہایت ضروری
امر ہے۔

دفعہ ۷۵ بعد ازآن کہ حسب دفعۂ بالا عمل ہو مجاریہ
نویس کا فرض ہے کہ ہر ایک مجاریہ کو اعم ازینکہ مجاریہ متفرق ہو
یا علاقہ۔ ایک رجسٹر خاص مین مختصر طور پر کھتاونی کرے
جس مین نشان صدر قائم ہے۔ جس کا نمونۂ مختصر ذیل مین
مندرج ہے۔ یہ نشان صدر مبیضہ کے گوشہ پر نشان علاقہ
یا متفرق کے ساتھہ قائم ہوگا۔

نمونہ نمبر (۱۷) رجسٹر نشان صدر متعلقۂ دفتر (   ) بابتہ سـ ـمـ سـ ـف

نشان مسلسل	نشان علاقہ و متفرق	تاریخ	نام مکتوب الیہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

دفعہ ۷۶ بعد از آن کہ مراسلات مجاریہ ہر دو رجسٹرون کے نشانات سے مکمل ہو جاوین۔ مجاریہ نویس کو بقدر تعداد مراسلات مذکور لفافے مرتب کرنا چاہیئے اور ہر ایک لفافہ پر اونہین مجاریون کے ذریعہ سے امور ذیل کی صراحت کرنا چاہیئے۔

(۱) سرکاری ہے یا نیم سرکاری۔

(۲) نشان علاقہ یا متفرق۔

(۳) نام مکتوب الیہ۔

(۴) نام دفتر جاری کنندۂ لفافہ۔

(۵) تعداد ملفوفات -

لفافون کے تیار ہو جانے کے بعد نہایت احتیاط سے اصل مراسلے مع ملفوفاتِ متعلقہ لفافون مین ملفوف کئے جاوین۔ اور لفافے بند کئے جاوین۔ باستثنار اون لفافون کے جن مین کوئی ایسا قابل احتیاط ملفوفہ ہے جس کو دفتر مکتوب الیہ پر دکھلا کے رسید لینا ہے جس کا لفافہ کھلا ہوا رہے گا۔ وہ ملفوفات جنکا لفافہ کھلا ہوا رکھا جاوے گا حسب ذیل ہون گے۔ لیکن یہ طریقہ صرف اون مراسلات کے لئے کام مین لایا جاوے گا جو محکمہ جات مستقر کے نام جاری ہوتے ہین۔ جن کا اجرا ٹپہ پر ہوتا ہے اون کے متعلق ایسے قابل احتیاط ملفوفے منتظم دفتر کے روبرو بند کئے جاوین گے۔ اور بعض خاص حالات مین وہ خاص قواعد بھی ملحوظ رہین گے جو سررشتہ ٹپہ سے جاری ہوے ہین۔ مثلاً ٹکٹ ہا کے

ملفوفہ کے بیمہ کے قواعد یا بضرورت خاص رجسٹری
کے قواعد کا استعمال۔
وہ ملفوفے جن کی احتیاط حسب صراحتِ بالا کی جاوے گی
(۱) کوئی دستاویز۔
(۲) نوٹ یا بانڈ وغیرہ۔
(۳) ٹکٹ۔
(۴) سالم مثل۔
(۵) بعض خاص کاغذات قابل احتیاط۔
(۶) اور بھی جس قدر ملفوفے جن کی نسبت احتیاط کا
حکم حاکم دفتر نے دیا ہو۔

دفعہ ۷ مندرجۂ بالا کل کارروائی کے بعد
لفافوں کی کھتاونی ٹپہ بہی مین کی جاوے گی جس کا نمونہ حسب
ذیل ہوگا۔ اور مجاریہ تقسیم اور روانگی کے لئے چپراسیان
متعلقہ کے سپرد کیا جاوے گا۔

نمونہ نمبر (۱۸) ٹپہ بہی متعلقہ دفتر (   ) بابتہ ـــــ ماہ ـــــ سنہ ـــــ ف

تاریخ	نشان سلسلہ	نشان لفافہ	تعداد ملفوفات	نام تحصیل	تاریخ اجرای لفافہ	رسید مکتوب الیہ لفافہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

دفعہ ۷۸ صیغہ دار مجاریہ کا فرض ہے کہ روزانہ لفافون کی تقسیم کی نسبت دوسرے روز رسیدات مندرجۂ رسید بہی سے اطمینان حاصل کرے۔ اور ختم تاریخ پر بہی مین اپنے دستخط سے تصدیق کر دیوے کہ کل اجرائی مکمل ہو چکی۔

دفعہ ۷۹ بعد اس اطمینان کے ایک روز کے مجاریہ کی بابت دوسرے روز مسودات کو دفترداران متعلقہ کے سپرد کر کے مجاریہ کے خانۂ رسید مین اون کی رسید

حاصل کر لینا چاہیئے۔

دفعہ ۸۰ دفترداران صیغہ کا فرض ہے کہ مجاریہ ہاے جاری شدہ کو صیغۂ مجاریہ سے حاصل کرنے کے بعد اوّل اونکا مقابلہ رجسٹر دادوستد سے کر لیوین کہ جس قدر بمقتضے صیغۂ مجاریہ مین دیے گئے آیا سب کے سب جاری ہو چکے۔ بعد ازآن اونکو اگر موصولہ ہے تو سلسلۂ تاریخ موصولہ کے لحاظ سے۔ اور اگر مجاریہ ہے تو سلسلۂ تاریخ مجاریہ کے لحاظ سے اون کی مثلون مین شامل کر دیوین۔ جو بستۂ شمولی مین مجاریون کے انتظار مین محفوظ ہین۔ اور تکمیل فہرست کے بعد امثلۂ مذکور پر غور کرین کہ آیا کارروائی مکمّل ہو چکی ہے یا باقی ہے۔ بصورتِ اول اوس مثل کو بستۂ مکمّلہ مین رکھدیوین جو اس خاص غرض کے لئے جداگانہ مرتّب رہے گا۔ بصورتِ ثانی وہ مثل بستۂ طلے

متدائرہ کی طبلق ہائے متعلقہ مین رکھی جاکر وہ یادداشت طبلق سے جدا کر لی جاوے گی جو برآمدی مثل کے وقت رکھی گئی تھی ۔

دفتر پنجم صیغہ حساب و فینانس کے متعلق

صیغۂ حساب و فینانس کی تعریف اور کام

دفعہ ۸۱ صیغۂ حساب و فینانس اوس صیغہ کا نام ہے جس مین دفتر کی کل حسابی کارروائی ہوتی ہے ۔ اس صیغہ سے انشا کی اوس قدر کارروائی بھی متعلق ہوتی ہے جس کا تعلق معاملاتِ حساب و فینانس سے ہو ۔ جیسے ۔

(۱) منظوریات رقوم کی مراسلت ۔

(۲) تقررات و موقوفی کی مراسلت ۔

(۳) رخصت کی کارروائی ۔

(۴) تبدیلی کی کارروائی ۔

(۵) ترتیب حسابات کی کارروائی وغیرہ وغیرہ ۔

مندرجۂ بالا ابواب۔ گویا مثلبند صیغۂ حساب و فینانس کے ابواب ہین۔

دفعہ ۸۲ اس صیغہ کے دفتر دار کا کام بھی وہی ہے جو کہ دفتر سوم مین بضمن کارروائی انشاء بیان ہوا ہے۔ لیکن اِس صیغہ مین ایک کام تنقیح سازی کا دوسرے صیغون کے مقابل زیادہ ہوتا ہے جس کے لئے محاسب اور نائب محاسب یا تنقیح ساز کے نام سے ایک یا کئی اہل کار بہ نسبت اور صیغون کے زیادہ درکار ہین۔

فرائض محاسب

دفعہ ۸۳ محاسب کو اس صیغہ کا افسر یعنی صیغہ دار سمجھنا چاہیئے۔ محاسب کا فرض ہوگا کہ وہ اپنے صیغۂ حساب و فینانس کی کل حسابی کارروائی کو جو انشاء کے سوا ہے جس کا تعلق دفتر دار سے ہے اپنی مددگاران تنقیح ساز پر تقسیم کرے اور ہر ایک پر اونکے ذمگی کام

کی ذمہ داری کو ظاہر کرے تاکہ وہ اپنے اپنے ذمہ کے کام کو ذمہ داری کے ساتھہ انجام دیوین ۔

دفعہ ۸۴ محاسب کا کام ہے کہ اپنے مددگارون کے تنقیح کئے ہوے کل کاغذات حسابی کی نسبت اپنا اطمینان حاصل کرکے اپنی دستخط بھی اوس تنقیح پر کرے ۔ اُن خاص خاص کامون کو بھی جن کی تفصیلی تنقیح بروے تقسیم کار محاسب کے ذمہ قرار پائی ہے ۔ محاسب کو اپنی ذات سے کرنا چاہیئے ۔

فرائض تنقیح سازان و ابواب تنقیح | دفعہ ۸۵ تنقیح سازون کے فرائض اور تنقیح طلب امور ذیل مین مندرج ہین ۔ اور تفصیل مذکور سے یہ مقصود نہین ہے کہ تنقیح کا انحصار انہین ابواب پر ہے ۔ ہر حاکم محکمہ یا ہر ایک محاسب ابواب تنقیحی کو اپنے اطمینان کے مطابق زیادہ کرسکتا ہے[ص] لیکن ابواب ذیل کی تنقیح کاغذات منظوری طلب کی

ص تنقیح طلب امور کی مکمل صراحت سیاق دکن مین ہے ۔

نسبت کم سے کم ہونا چاہیئے۔

الف میزان اور مستوفی کی تنقیح۔

ب اِس امر کی تنقیح کہ جس رقم کی منظوری چاہی جاتی ہے اوس کی گنجایش موازنہ مین ہے یا نہین۔

ت اس امر کی تنقیح کہ بعض رقوم مندرجۂ کاغذ تنقیح طلب حساباتِ ماہِ گزشتہ یا ہفتہ گزشتہ یا سہ ماہی۔ یا سال گزشتہ کے حسابات کے ساتھ (جیسی کہ صورت ہو) مطابق ہین یا نہین (یہ تنقیح بعض خاص خاص حسابا تمین ضرور ہوتی ہے)

ث کاغذ تنقیح طلب بروقت وصول ہوا ہی یا نہین

ج نمونہ درست ہی یا نہین۔

ح اگر کاغذ تنقیح طلب کوئی بقایا کا تختہ ہی تو برآیندگی

کی تصدیق ہو چکی ہے یا نہین۔

خ بقایا خواہ کے ذمہ مین کوئی بقایاے سرکار تو نہین ہے۔

د تختہ کی ترتیب حسب ہدایات ہوئی ہے یا نہین

ذ وضعات یا برآیندگی کا عمل حسب قواعد جاریہ درست ہی یا نہین۔

ر کسرات وغیرہ کی نسبت عمل حسابی درست ہے یا نہین۔

ز رقم منظوری طلب کی منظوری کس محکمہ کی اقتداری ہے۔

س جھڑتی تقرر کا عمل درست ہے یا نہین۔

ش تختہ پر افسر کے دستخط ہین یا نہین۔

ص تصدیقی عبارت لکھی ہے یا نہین۔

دفعہ ۸۶ مندرجہ بالا ابواب ہر ایک کاغذ تنقیح طلب سے

تمامتر متعلق نہین ہین بلکہ بلحاظ نوعیت کار ہر ایک کاغذ سے جن جن ابواب کا تعلق ہے نوعیت کاغذ حسابی کے لحاظ سے معلوم ہو سکے گا ۔ (دیکھو سیاق دکن)

رجسٹرہای داخلۂ تنقیح کے متعلق

دفعہ ۸۷ جن جن حسابی کاغذات کی تنقیح اس صیغہ سے متعلق ہے اونکے متعلق جن جن حسابات کا تنقیحی داخلہ خاص خاص رجسٹرون مین رکھنا مقصود ہو اون کے رجسٹر مرتب کر کے اہل کاران متعلقہ کے تفویض اون کی خانہ پُری ہو جانی چاہیئے ۔ اُن کے سوا مندرجۂ ذیل رجسٹر لزوماً ہر ایک دفتر مین مرتب رہنے چاہیئن ۔

رجسٹر تقررات مع نمونہ و طریقہ ترتیب

دفعہ ۸۸ ایک ایسا رجسٹر بحسب نمونۂ ذیل اس صیغہ مین قائم رہنا چاہیئے جس مین تقررات کا داخلہ بالالتزام لکھا جاوے گا صرف ان عمّال اور افسرون کے متعلق جو اس دفتر مین ملازم ہین جس دفتر

مین یہ رجسٹر رکھا گیا ہے۔

نمونہ نمبر (۱۹) رجسٹر تقررات متعلقہ دفتر (   ) معتمد مال

نشان سلسلہ	نام اہلکار مع ولدیت	عہدہ	مشاہرہ	تاریخ تقرر اہلکار ابتدائی	تاریخ تقرر اہلکار بعہدہ موجودہ	نشان و تاریخ حکم تقرر یا تبدل: نشان	نشان و تاریخ حکم تقرر یا تبدل: تاریخ	نام عہدہ اہلکار سابق	نشان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
۱	زید	مددگار محاسب	ما عہ	۳۰ آذر سنہ ۱۳۰۳ ف	.	.	.	.	۴۰ حساب سنہ ۱۳۰۴ ف	بدفتر صدر محاسبی
	”	صیغہ دار	ما صہ	.	۲ اردی سنہ ۱۳۰۴ ف	۸۷	۲ اردی سنہ ۱۳۰۴ ف	صدر محاسبی سرکار	.	بدفتر معتمد مال
	”	صدر صیغہ دار	ما لعہ	.	یکم بہمن سنہ ۱۳۰۴ ف	.	.	.	۲ حساب سنہ ۱۳۰۴ ف	”

دفعہ ۸۹ اس رجسٹر مین محکمہ کے کل ملازمین کا نام من اوّلہ الی آخرہ اوسی طرح درج ہوگا جس طرح برآورد تنخواہی مین درج ہوتا ہے۔ اور سلسلہ بھی برآوردہی کا قائم رہے گا۔ لیکن ضرور ہوگا کہ ہر ایک اہل کار کے لئے

ایک ایک صفحہ کتاب کا خالی چھوڑا جاوے یعنی ہر ایک ملازم کا نام آغاز صفحہ مین لکھا جاوے اور سالم صفحہ کی جدول اوسی نام کے لئے خالی چھوڑ دی جاوے تاکہ وقت بوقت اوس ملازم کے ترقیات کا داخلہ بھی اوسی نام کے ذیل مین درج ہوا کرے ۔ یہہ رجسٹر سال وار بدلا نہ جاوے گا ۔

دفعہ ۹۰ اس رجسٹر کے خانہ کیفیت مین اون مدارج کی صراحت رہے گی جنکو اوس اہلکار نے مختلف محکمومین طی کیا ہے ۔ ملاحظہ ہو خانہ پری نمونہ جو بطور مثال فرضی طور پر عمل مین آئی ہے ۔ جو دفعہ ۸۸ کے ذیل مین ہے

رجسٹر رخصت مع نمونہ و طریقۂ ترتیب

دفعہ ۹۱ ایک اور رجسٹر اسی صیغہ مین مرتب رہنا چاہیئے جس مین کل ملازمین دفتر کے رخصتون کا داخلہ رہے گا ۔ جس کا نمونہ حسب ذیل ہوگا ۔ اِسی رجسٹر سے ہمیشہ ہر اہل کار کی رخصت کا

استحقاق معلوم ہو سکے گا۔ اِسی رجسٹر سے ہمیشہ حاضری وصول مرتب ہو سکے گا۔ اور اِسی رجسٹر سے وظیفہ کے لئے مدت ملازمت کا صحیح حساب کیا جا سکے گا۔

نمونہ نمبر (۲۰) رجسٹر رخصت ملازمین دفتر ( )

نشان سلسلہ	نام ملازم مع عہدہ	تاریخ ابتدای ملازمت یا ابتدای حساب	ابتدا و انتہا رخصت محصلہ		اقسام رخصت مع مقدار					نشان حساب	کیفیت
			تاریخ ابتدا	تاریخ انتہا	خاص	اتفاقیہ	بیماری	بلا تنخواہ	عوضی		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱	زید	۲ اردی بہشت سنہ ۱۲۹۹ ف	۲۰ مہر سنہ ۱۳۰۰ ف	۱۹ آبان سنہ ۱۳۰۰ ف	یک ماہ	.	.	.	.	۱/۱۲ حساب سنہ ۱۳۰۰ ف	
			۱۰ دی سنہ ۱۳۰۲ ف	۹ بہمن سنہ ۱۳۰۲ ف	.	.	یک ماہ	.	.	۱/۱۲ حساب سنہ ۱۳۰۲ ف	
			یکم فروردی سنہ ۱۳۰۳ ف	۲ خورداد سنہ ۱۳۰۳ ف	.	.	.	دو ماہ [illegible]	.	۲/۱۲ حساب سنہ ۱۳۰۳ ف	

دفعہ ۹۲ اس رجسٹر میں ہر ایک ملازم کے لئے دو دو یا تین تین ورق خالی چھوڑے جاوین۔ اور جملہ ملازمین کے نام مسلسل اوسی طرح لکھے جاوین جس طرح رجسٹر تقررات مین لکھے جاتے ہین۔ فرضی طور پر بطور مثال کے جو

خانہ پُری کہ نمونۂ بالا مین عمل مین آئی ہے اوس سے معلوم ہو سکے گا کہ اصلی غایت اس رجسٹر کی کیا ہے ۔ یہہ رجسٹر بہی سال وار بدلا نہ جاویگا ۔

رجسٹر برآورد و نمونہ و طریقہ ترتیب **دفعہ ۹۳** یہہ رجسٹر برآورد ماہواری کے نمونہ کے مطابق مرتب ہوگا جس کو ذیل مین درج کیا گیا ہے ۔ اس رجسٹر مین ماہواری برآورد کا مسودہ لکہا جایا کرے گا ۔ بعد ترتیب برآورد جو منتخبات برآورد کہ بضرورت ہائے خاص مرتب ہوتے ہین وہ بہی اسی رجسٹر مین درج ہون گے ۔ ہر مہینہ مین اس رجسٹر کی میزان پر حاکم محکمہ کے دستخط ہوا کرین گے ۔ اور مجاریۂ برآورد ماہواری کا نشان بہی اِسی رجسٹر پر لکہا جاوے گا ۔ اور برائت یا اجازت نامۂ موصولہ کا نشان بہی اِسی رجسٹر مین لکہہ لیا جاوے گا ۔

نمونہ نمبر (۲۱) رجسٹر مسودہ برآورد ماہواری متعلقہ دفتر (   ) بابتہ ماہ ـــــ سنہ ـــــ ف

نشان سلسلہ	نام مع ولدیت	عہدہ	وطن	قوم	تاریخ ملازمت ابتدائی	تنخواہ: قدیم	تنخواہ: جدید	تنخواہ: جملہ	تفصیل خانہ (۹): سالم	تفصیل خانہ (۹): منہائی	تاریخ استادو برطرفی	تعداد ماہ و یوم	مقررہ طلب	وضعات	تتمہ ایصال طلب	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷

اس رجسٹر کی ترتیب کے متعلق مکمّل ہدایات سیاق دکن اور خزینۂ فینانس وحساب مین تفصیل کے ساتھ بیان ہوے ہین جن کا مکرر اعادہ اس موقع پر بے ضرور ہے۔

رجسٹر قبض الوصول و نمونہ و طریقۂ ترتیب

دفعہ ۹۴ یہ رجسٹر رسید تنخواہ کا رجسٹر ہے۔ اس کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے اس مین اہل کاران تنخواہ یاب کی رسید اوس سلسلہ سے نہ لی جاوے گی جس سلسلہ سے برآورد مین

نام ہین بلکہ جس سلسلہ سے تنخواہ تقسیم ہوگی اوسی سلسلہ سے اوس کی خانہ پُری ہوگی ۔

نمونہ نمبر (۲۲) قبض الوصول ماہوار دفتر ( ) بابتہ ماہ سنہ ف

تاریخ تقسیم	نشان سلسلہ	نام	عہدہ	رقم	میزان زر تنخواہ ادائی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

دفعہ ۹۵ نشان سلسلہ مندرجۂ خانۂ (۲) تاریخ وار بدلا جاویگا اور خانہ (۶) کی میزان بجنسہٖ روزنامچۂ نقدی یعنی کردبہی مین بصیغۂ خرچ بحوالہ قبض الوصول لکھی جاوے گی ۔

دفعہ ۹۶ تقسیم تنخواہ کے وقت تقسیم کنندہ کا فرض ہے کہ تنخواہ ملازمین کو اوسی سلسلہ سے تقسیم کرے جس سلسلہ سے برآوردین اسماء مندرج ہین ۔ لیکن اگر باتفاق کوئی اہل کار موجود نہ ہو یا کسی اور

وجہ سے تنخواہ نہ لے سکے تو اوس کی وجہ سے اوس کے مابعد کی تقسیم ملتوی نہ کی جاوے گی بلکہ برابر تقسیم نمبرہائے مابعد جاری رہے گی۔ اور شخص متروکہ کا نام قبض الوصول مین اوس نمبر پر نہ لکھا جاوے گا۔ بلکہ جس تاریخ مین جس نمبر پر وہ ماہوار لیوے گا اوسی تاریخ و نمبر پر اوس کا نام تحریر ہوگا۔

دفعہ ۹۷ اہلکار تقسیم کنندۂ ماہوار کا فرض ہے کہ قبض الوصول کے خانہ ہائے (۱) لغایۃ (۴) کی خانہ پُری ایک نام کے متعلق تقسیم کے وقت اول کرے۔ اور بعدہ تنخواہ ادا کرکے اور ساتھ ہی خانۂ (۵) مین رسید حاصل کرے بعد تکمیل تقسیم آخر وقت قبل اس کے کہ خزانہ بند ہو خانۂ (۶) مین میزان دی جاوے۔

دفعہ ۹۸ بعض وقت بعض اہل کار اپنی ماہوار و اجب الوصول کو بذریعہ رقعہ طلب کرتے ہین یا تحریراً حوالہ کسی

دوسرے شخص کا دیدیتے ہین۔ تو ایسی حالت مین تقسیم کنندۂ تنخواہ کو اوس تحریر پر اوس وقت تک عمل نہ کرنا چاہیئے جب تک کہ افسر محکمہ کا تحریری حکم اوسپر نہ ہو۔ بعد ازآن کہ حکم ہو جاوے تقسیم کنندہ کا فرض ہو گا کہ تحریر مذکور کو قبض الوصول کے ورق پر چسپان کرے اور محول الیہ کی رسید تحریری قبض الوصول کے خانۂ (۵) مین حاصل کرے۔ لیکن جس روز اوس کے بعد اصل اہل کار دفتر مین آوے گا اوس کی قلمی رسید بہی خانہ (۵) مین حاصل کر لینا تقسیم کنندہ کا فرض ہو گا۔

دفعہ ۹۹ رجسٹر روزنامچۂ نقدی اور اوسکا نمونہ اور طریقۂ ترتیب۔ رجسٹر روزنامچۂ نقدی کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے۔ اسی رجسٹر کو کردبہی بھی کہتے ہین۔ یہ وہ رجسٹر ہے جس مین روزانہ ہر ایک رقم کا جمع و خرچ تاریخوار مسلسل لکھا جاتا ہے۔

اعم از ینکہ وہ رقم ماہوار کی بابت ہو یا صادر یا سوائے صادر کی بابت وغیرہ وغیرہ۔ اس رجسٹر کی خانہ پُری کے تفصیلی احکام خزینہ فینانس و حساب اور سیاق دکن میں مفصل طور پر درج ہوے ہیں۔

نمونہ نمبر (۲۲۳) رجسٹر کردہی متعلقہ دفتر (   ) بابتہ سنہ م سنہ ف

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ابواب جمع یا خرچ	تاریخ		
					[illegible]	[illegible]	[illegible]
۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

رجسٹر کھاتہ و نمونہ و طریقۂ ترتیب

دفعہ ۱ یہ رجسٹر گویا تفصیل ہے رجسٹر نمبر (۲۲۳) کی۔ اس رجسٹر کا نمونہ ذیل میں مندرج ہے روزنامچہ نقدی میں جس جس قدر رقوم ایک تاریخ میں جمع و خرچ ہوتے ہیں اونہیں کی نقل اس رجسٹر میں باب وار

ہوتی ہے۔ تاکہ باب وار اور تاریخ وار جمع و خرچ معلوم ہو سکے۔

نمونہ نمبر (۲۴) رجسٹر کھاتہ ابواب متعلقہ دفتر (   ) بابت ـــــــ سنہ ـــــ ف

خرچ						جمع					
ورق رجسٹر [illegible]	رقم	ابواب	تاریخ			ورق رجسٹر [illegible]	رقم	ابواب	تاریخ		
			روز	ہلالی	انگریزی				روز	ہلالی	انگریزی
۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

دفعہ ۱ اس مین ہر ایک باب کے لئے کئی کئی ورق چھوڑ دینا چاہیئے۔ اور ایک فہرست اول رجسٹر مین مرتب کرنی چاہیئے جس سے معلوم ہو سکے کہ اس رجسٹر کے کس ورق پر کونسا باب ہے تاکہ اوس باب کے برآمد کرنے مین آسانی ہو۔ اس رجسٹر کی خانہ پُری کے مکمّل احکام

سیاق دکن اور خزینہ فیانس و حساب مین بیان ہوے ہین ۔

رجسٹر مصارف صادر کا نمونہ اور طریقۂ ترتیب

دفعہ ۱۰۳ اس رجسٹر مین صادر کا تفصیلی حساب مندرج رہنا چاہیئے یعنی ہر مہینے کی ابتدا مین صادر کی کل رقم کا خرچ روزنامچۂ نقدی مین لکھکر کل رقم مذکور کو اسی رجسٹر مین جمع کر دینا چاہیئے جس کے بعد جس جس قدر رقم وقت بوقت صرف ہوگی وہ اسی رجسٹر مین خرچ لکھی جاوے گی ۔ اس رجسٹر کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے ۔

نمونہ نمبر (۲۵) رجسٹر صادر متعلقہ دفتر (   ) بابت م سنہ ف

جمع			خرچ			باقی برآخر ماہ
تاریخ	ابواب	رقم	تاریخ	ابواب	رقم	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
یکم آذر ف	سلک ماہ گذشتہ صادر ماہ آذر سنہ ۱۳۲۴ ف جملہ	صہ ماعہ ماصہ				

دفعہ ۳۰۱ ہر مہینے کی ابتدا مین خانۂ (۲) مندرجۂ رجسٹر متذکرۂ بالا مین بنام سلک ماہِ گزشتہ وہ رقم جمع کی جاوے گی جو بنام (باقی بر آخر ماہ) گزشتہ مہینے کی بابت اِسی رجسٹر کے خانۂ (۷) مین مندرج رہے گی اوس کے نیچے صادر ماہ حال کی رقم جمع کی جاوے گی جس کا ایک مشت خرچ روز نامچۂ نقدی مین حسب ہدایت مندرجۂ دفعۂ ماضیہ پڑچکا ہے۔ اور دونون رقوم کی میزان دیدی جاوے گی جیسا کہ نمونۂ بالا کی خانہ پُری سے معلوم ہو سکتا ہے اور خانہ ہاے (۴) و (۵) و (۶) مین بہ سلسلۂ تواریخ ماہواری کل مصارف وقت بوقت لکھے جاوین گے۔ اور آخر ماہ پر اون مجموعی مصارف کی میزان دی جاوے گی۔ اور میزان مندرجۂ خانۂ (۳) سے اس میزان خرچ کو وضع کرنے کے بعد جو رقم باقی رہے گی وہ خانۂ (۷)

مین لکھی جاوے گی۔

دفعہ ۱۰۴ا رجسٹر وصول باقی اشیاء صادر مع نمونہ وطریقۂ ترتیب صادریا

سوائے صادر سے جو اشیاء کہ از قسم۔ کاغذ۔ قلم۔ روشنائی الپن۔ فیتہ۔ نوٹ پیپر۔ ریت۔ وغیرہ وغیرہ۔ بغرض کارروائی دفتر خرید کئے جاتے ہین اونکے جمع و خرچ کا روزانہ حساب مرتب رہنا چاہیئے تاکہ انبارخانہ کی موجودات کو ہروقت حساب موجودہ سے مطابقت ہوسکے۔ یہ سامان (دفتری) کے سپرد رہیگا لیکن اس کی نگہداشت اور وصول باقی سامان کی ترتیب کسی مددگار محاسب کی ذمہ داری مین دیجاویگی رجسٹر نمونۂ ذیل اسی خاص مقصد کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ جس سے ہرروز یہ بات معلوم ہوسکتی ہے کہ کس قدر سامان کی سلک ہے۔

نمونہ نمبر (۲۶) رجسٹر وصول باقی سامان صادر متعلقہ دفتر (   ) بابت ـــــــ ف

تاریخ	ابواب	اشیاء: کاغذ شستی	نوٹ پیپر	ہولڈر	اسٹیل پن	ریشم	الپن	قلم واسطی	بستہ جات	سیاہی	سرخی		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
یکم اپریل ۱۹۳۰ء	سلک تاریخ گزشتہ	۲۰ دستہ	۵ دستہ	۲۰	۲۰۰	۵ تولہ	۱۰۰۰	۵۰	۱۰۰	۱؎/	۱؎/		
	جمع امروزہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		
	جملہ	۲۰ دستہ	۵ دستہ	۲۰	۲۰۰	۵ تولہ	۱۰۰۰	۵۰	۱۰۰	۱؎/	۱؎/		
	خرچ امروزہ	۲ دستہ	۰	۴	۰	یک تولہ	۵۰۰	۸	۵۰	۰	ـ؎/		
	باقی	۱۸ دستہ	۵ دستہ	۱۶	۲۰۰	۴ تولہ	۵۰۰	۴۲	۵۰	۱؎/	۱؎/		
۲ اپریل ۱۹۳۰ء	سلک تاریخ گزشتہ	۱۸ دستہ	۵ دستہ	۱۶	۲۰۰	۴ تولہ	۵۰۰	۴۲	۵۰	۱؎/	۱؎/		
	جمع امروزہ												
	جملہ												
	خرچ امروزہ												
	باقی												

دفعہ ۱۰۵ مندرجہ بالا وصول باقی کی ایک مختصر سی رسید بہی حسب نمونہ ذیل اسی سامان کے لئے رہنی چاہیئے جس مین تقسیم سامان کی رسید وقت بوقت اہل کاران دفتر کی دستخط سے لی جاوے گی اور ہر تاریخ کے آخر پر اوس کا ایک باب واری گوشوارہ اوسی بہی مین لکھا جاوے گا اور اوسی گوشوارہ سے رجسٹر وصول باقی متذکرہ دفعہ ماضیہ کے خانہ ہاے خرچ روزانہ کی خانہ پری کی جاوے گی ۔

نمونہ نمبر (۲۷) بہی رسید اشیاے صادر بابت دفتر (   ) بابتہ ماہ   سنہ

نمبر	نام اشیاٴ	تعداد	رسید	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

ہر ایک تاریخ کے ذیل مین جو گوشوارہ کہ حسب ہدایات بالا مرتب ہوگا وہ خانہ (۵) مین لکھا جاوے گا

جیساکہ حاشیہ مین دِکھلایا گیا ہے۔ اس گوشوارہ کی ترتیب اوس اہلکار کا کام ہے جس اہلکار سے حساب سامان صادر کا تعلق ہے۔

بابت یکم آذر ۴۱ف

۱	بستہ جات	۵۰
۲	قلم واسطی	۸
۳	کاغذ شربتی	دو دستہ
۴	پن	۵۰۰
۵	ہولڈر	۴
۶	ریشم	یک تولہ
۷	سرخی	ـ/۱

اس گوشوارہ کی ضرورت ہر تاریخ مین اس لئے ہے کہ رسید بہی مین اشیاء کا خرچ بحسب ضرورت بلالحاظ ترتیب قسم شئے لکھا جاتا ہے۔ اگر ہر ایک تاریخ مین اوس تاریخ کے کل سامان صرف شدہ کی نسبت ایسا باب واری گوشوارہ مرتب نہ ہوگا جیساکہ اوپر لکھا گیا ہے تو صدر رجسٹر وصول باقی کی خانہ پُری کے لئے

بہت زیادہ وقت اور ایک جداگانہ اوارجہ کی ترتیب کی ضرورت لاحق ہوگی

رجسٹر موجودات دفتر

دفعہ ۱۰۶ا یہ رجسٹر سامان دفتر کا ہے جس سے فرنیچر وغیرہ مراد ہے۔ اس رجسٹر سے ہر وقت یہ معلوم ہو سکے گا کہ کونسا سامان کس قدر ہے۔ وقت بوقت جس جس قدر سامان خریدا جاوے گا وہ اس رجسٹر مین درج ہوتا جاوے گا۔ نمونہ ذیل مین مندرج ہے۔

یہ رجسٹر سالانہ بدلا نہ جاوے گا

نمونہ نمبر (۲۸) رجسٹر موجودات دفتر بابتہ (   ) بابت

تاریخ وصولی	جنس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	قیمت	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
میزان ماہوار												

دفعہ ۱۰۷ اس رجسٹر کی تاریخ روزانہ لکھنی کی ضرورت
نہین ہے۔ بلکہ جس تاریخ مین نئی خریدی ہوئی ہے
اوسی تاریخ مین تاریخ کا لکھنا کافی ہے۔ میزان ماہواری
کی البتہ ضرورت ہے تاکہ ہر مہینہ پر کل تعداد ہر ایک
شئے کی معلوم ہو سکے۔

کتاب جرمانہ **دفعہ ۱۰۸** یہ ایک مختصر رجسٹر مرتب ہیگا
اس مین وقت بوقت جو جرمانہ کہ عمال دفتر پر ہو گا
اوس کی کہتاؤنی کی جاوے گی۔ اسی رجسٹر سے آخر
مہینے پر برآوردمین عمل ہو گا۔ جس دفتر دار کے پاس
جرمانہ کا حکم حاکم کے اجلاس سے وصول ہو خواہ وہ
کسی مثل مقدمہ پر۔ یا اور کسی کاغذ پر۔ اوس کا فرض
ہے کہ اول مجرم کی اطلاع یابی کی دستخط اوسپر لیوے
اور ساتھ ہی اوس اہل کار کی اطلاعی دستخط حاصل
کرے جس کے تفویض یہ رجسٹر ہے۔ اوس اہل کار کا فرض

ہے کہ اس رجسٹر مین اوس کی کھتاونی کرنے کے بعد اپنی اطلاع یابی اوس کاغذ پر لکھے۔

نمونہ نمبر (۲۹) رجسٹر جرمانہ دفتر ( ) بابت ماہ سنہ ف

تاریخ	نام اوس شخص کا جسپر جرمانہ کیا گیا مع عہدہ	رقم جرمانہ	نشان مثل جس مین وہ کاغذ شامل ہے جسپر جرمانہ کا حکم ہوا ہے	کیفیت اس امر کی کہ کس مہینہ کی برآورد مین عمل وضعات ہوا
۱	۲	۳	۴	۵

کتاب الرّاے کا نمونہ **دفعہ ۱۰۹** یہ رجسٹر صرف تیار رہیگا۔ اس کی خانہ پری حکام کے قلم سے ہوگی۔ جس عملہ کی نسبت حاکم محکمہ جیسی راے ظاہر کرنا چاہے گا اس رجسٹر مین اپنے قلم سے ظاہر کرے گا۔ اس کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے۔ یہ رجسٹر ہمیشہ حاکم محکمہ کے اجلاس پر رہے گا۔

نمونہ نمبر (۳۰) کتاب الرائے متعلقہ دفتر ( ) بابۃ سنہ ف

نمبر	نام حاکم	نام اہلکار	رائے
۱	۲	۳	۴

کتاب حاضری | **دفعہ ۱۱۰** اس جسٹر کا نمونہ ذیل میں مندرج ہے۔ اس جسٹر کی خانہ پری جس حد تک حکام دفتر سے متعلق ہے وہ خود حکام مذکور کے قلم سے ہوگی یعنی اہلکار متعلقہ اس رجسٹر کو حاکم کے روبرو پیش کرے گا اور وہ اپنے قلم سے خانہ پری کرے گا۔ باقی عمال کے متعلق اہلکار متعلقہ کا کام ہے کہ خود اپنے قلم سے خانہ پری کر کر اس رجسٹر کی تحریر میں ہمیشہ احتیاط کی جاوے کہ محکوک و مشکوک نہ ہونے پاوے۔

نمونہ نمبر (۱۳۱) رجسٹر حاضری متعلقہ دفتر (   ) بابتہ ـــــ ماہ ـــــ سنہ ـــــ ف

تاریخ جس میں اہل کار حاضر آئے یا غائب ہوئے	نام		نام		نام		نام		نام	
	حاضری	برخاست	حاضری	برخاست	حاضری	برخاست	حاضری	برخاست	حاضری	برخاست
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

دفعہ ۱۱۱۔ جس اہل کار سے اس رجسٹر کی ترتیب کا تعلق ہے اوس کا فرض ہے کہ وہ وقت حاضری اور برخاست کو ہندسوں میں لکھے۔ بلا صراحت وقت حاضر یا غیر حاضر لکھدینا ممنوع ہے۔ جو اہل کار کہ سالم روز غیر حاضر ہو اوس کے نام البتہ غیر حاضر کے الفاظ لکھدئے جا سکتے ہیں اسی اہل کار کا یہ فرض ہے کہ ہر ماہ آلہی کی ۲۵۔ تاریخ کے آخر وقت کل عمال غیر حاضر اور دیر حاضر کے متعلق حسب نمونہ ذیل ایک فہرست مرتب کرکے منتظم دفتر کے

روبرو پیش کرے۔ دیر حاضرین کے متعلق منتظم دفتر حکم آخر دے سکینگے اور غیر حاضرین کے متعلق افسر مجاز کا حکم آخر اوسی فہرست پر صادر ہوگا۔
(تشریح) دیر حاضر سے مراد وہ شخص ہے جو وقت مقررۂ حاضری کے گزرنے کے بعد ایک گھنٹہ کے اندر حاضر نہ ہو۔
غیر حاضر وہ شخص ہے جو کہ حاضر ہی نہ ہو۔
اِس فہرست پر غیر حاضرین۔ اور دیر حاضرین کے متعلق جس طرح حکم ہوگا اوس کے مطابق برآورد ماہواری مین عمل کیا جاوے گا۔ اور فہرست پر اہل کار ترتیب کنندۂ برآورد لکھدے گا۔ کہ (برآورد مین عمل کیا گیا) واضح ہو کہ ماہِ حال کے ایام باقیہ مابعد ۲۵ تاریخ کا عمل ماہِ آیندہ کی فہرست مین کرنا چاہیئے۔ اِس طریقہ سے ہر ایک فہرست سالم مہینہ کے متعلق مرتب ہوگی۔ لیکن اوسکی

ابتدا ۲۶ ماہ گزشتہ لغایت ۲۵ ماہِ حال ہوگی۔

نمونہ نمبر (۳۲) متعلقہ فہرست دیر حاضرین و غیر حاضرین متعلقہ دفتر (   ) بابتہ ماہ   سنہ ف

نشان سلسلہ	نام اہل کار	نام عہدہ	فہرست	تعداد دیر حاضری	تعداد ایام غیر حاضری	خلاصہ عذرات اہل کار	حکم حاکم
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

خزانہ دفتر

دفعہ ۱۱۲ ہر دفتر کی موجودات نقدی کے لئے ایک لوہے کا صندوق رہنا چاہیئے تاکہ موجوداتِ نقدی کامل حفاظت کے ساتھ رہے۔ حفاظت خزانہ کے متعلق جو احکام حصۂ دوم کتاب خزینۂ فینانس و حساب مین مندرج ہین اونکے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ یہ صندوق ہمیشہ پہرہ کے روبرو رہنا چاہیئے۔ جس اہل کار کے تفویض یہ صندوق ہوگا اوسکا نام نقدی کارکن ہے۔

دفتر ششم کارروائی امثلۂ محکمہ کے متعلق

محافظ دفتر کی تعریف

دفعہ ۱۱۳ محافظ دفتر اوس اہلکار کا نام ہے جو کہ محکمہ دفتر کی حفاظت کرتا ہے۔ ہر ایک دفتر مین صیغۂ محافظی اور محافظ دفتر کا وجود لازم ہے۔ محافظ دفتر کے مددگارون کی تعداد ہر ایک محکمہ کی مقدار کار کے اعتبار سے قرار دی جاوے گی۔

امثلۂ محکمہ کے متعلق دفتردار کے فرائض

دفعہ ۱۱۴ دفتردار کا فرض ہے کہ امثلۂ محکمہ کو جو وقت بوقت بستہ محکمہ مین جدا کئے گئے ہین۔ جب فرصت ملے اقلاً ہفتہ مین ایک بار منتظم دفتر کے روبرو پیش کر کے داخل دفتر کرنے کا حکم حاصل کرے۔ اور ساتھ ہی فہرست کے آخر مین میزانی تعداد درج کر کے بصراحت تاریخ اپنی دستخط کرے۔ اور خانہ ہاے (۴ و ۵ و ۶ و ۷) رجسٹر مثل بند کی خانہ پری کر کے مثل محکمہ کو محافظہ

سے کے سپرد کرے۔ اور مثل بند کے خانہ (۹) مین محافظ دفتر کی رسید لیوے۔

دفعہ ۱۱۵ جب مثل محافظی کے سپرد ہونے لگے گی تو اوس وقت اوس کی طبلق بستۂ متدائرہ سے جدا کی جاوے گی۔ اور مثل کے ساتھ محافظی مین دیجاویگی۔ بستۂ متدائرہ مین مثل اور طبلق دونون کا رہنا اس بات کی علامت ہے کہ مثل مکمّل ہو کر محافظی مین داخل دفتر ہو چکی۔

محافظ دفتر کا کام امثلہ مکمّلہ کے لینے کے متعلق

دفعہ ۱۱۶ جب دفتر دارِ ثانی حسب ہدایت مندرجہ دفعات (۱۱۴ و ۱۱۵) امثلہ مکمّلہ کو محافظ دفتر کے سپرد کرنا چاہا تو محافظ دفتر کا کام ہے کہ مثل کے ہر ایک کاغذ کو فہرست نمبری الف و ب کے ساتھ مقابلہ کر کے اطمینان حاصل کرے۔ اور نیز کارروائی مثل پر بھی ایک سرسری نظر ڈالے کہ آیا درحقیقت

کارروائی مکمّل اور مثل لائق داخل دفتر ہونیکی ہے یا نہین۔ بصورت اوّل مثلبند کے خانۂ (۹) مین دفتردار کو رسید دیکر مثل مذکور اپنی تحویل مین لے لینا چاہیئے۔

رجسٹر محافظی کا نمونہ وطریقۂ ترتیب

دفعہ ۱۱۱ بعد ازآن کہ امثلۂ مکمّلہ کو محافظ دفتر نے اپنی تحویل مین لے لیا۔ اوس کا فرض یہ ہے کہ اون کو رجسٹر محافظی مین کہتاؤنی کرے۔ جس کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے۔

نمونہ نمبر (۳۳) رجسٹر مرتبہ محافظ خانہ دفتر (   ) بابت   سنہ

نشان صدر	تاریخ وصول بمحافظی	نشان مثلبند صیغہ	نام مد	نام صیغہ	خلاصہ مقدمہ	نشان الماری	نشان بستہ محافظی	نشان طلبی از دفتر	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱	یکم آذر سنہ ۱۳۰۲ف	۲/۴	رخصت	حساب و فینانس	رخصت علیم الدین	۲	۷	۴	
۲	〃	۵/۱	اوطان لاوارث	مال	وطن لاوارث موضع دودنی	۱۰	۱۳	۶	

طریقۂ ترتیب رجسٹر	**دفعہ ۱۱۸** محافظی کا رجسٹر جاوی ہوگا

کل صیغون اور ابواب پر یعنی ہر ایک صیغہ اور ہر ایک باب کی مثل مکمّل ہونے کے بعد اسی ایک رجسٹر مین درج ہوگی جس جس طرح جو جو مثل مکمّل ہو کر آتی جاوے خواہ وہ کسی صیغہ کی کیون نہ ہو وہ مسلسل اِسی رجسٹر محافظی مین درج ہوتی جاوے گی۔ صیغون کی نوعیت یا ابواب صیغہ کی کوئی رعایت یا سلسلہ ملحوظ نہ رہے گا۔ محافظ دفتر کا فرض ہے کہ مثل مکمّلہ کو رجسٹر محافظی مین درج کرنے کے بعد وہ نشان جو رجسٹر محافظی کے خانۂ (۱) مین مندرج ہے مثلبند صیغہ کے خانۂ (۸) مین لکھدیجیے۔ اور ساتھ ہی طبلق مثل اور فہرست مثل کے عنوان مین بخانۂ متعلقہ وہ نشان قائم کرے اور نیز نشان مندرجہ خانہ ہاے ۷۔۸۔۹۔ مندرجہ رجسٹر محافظی کو سرخی سے طبلق کے ایک گوشہ پر قائم کرنیکے بعد مثل کو اوسی کمرہ یا الماری

اور بستہ اور طبلق مین رکہنا چاہیئے جس کا نشان رجسٹر محافظی مین قائم ہوا ہے ۔ اور جس کو محافظ دفتر نے طبلق پر بھی لکھا ہے ۔

کمرون یا الماریون اور بستون کی ترتیب **دفعہ ۱۱۹** اگرچہ رجسٹر محافظی مین بلا لحاظ ترتیب صیغہ وابواب صیغہ جس جس طرح مسّلمہ مثلین آتی جاوین درج رجسٹر ہوتی جاوینگی لیکن اون کی نگہداشت کے لئے محافظ دفتر کا کام ہے کہ حسب ہدایات ذیل انتظام کرے ۔

الف ہر ایک صیغہ کے مختلف سنین کے لئے ایک حجرہ یا ایک یا کئی الماریان بقدر ضرورت بصراحت سنین ۔

ب ہر ایک حجرہ یا الماری مین ابواب صیغہ کی پابندی ۔

ج ہر ایک باب کے متعلق نشانات سلسلۂ صیغہ

کی رعایت ۔

الف کا مقصد یہ ہی کہ اگر ایک دفتر مین ۴ صیغہ ہین مثلاً

(۱) صیغۂ مال ۔

(۲) صیغۂ عدالت ۔

(۳) صیغۂ حساب ۔

(۴) صیغۂ متفرق ۔ تو محافظ دفتر کو ایک ایک الماری ہر ایک صیغہ کے نام سے قائم کرنا چاہیئے اس طرح پر کہ اوس الماری کا ایک ایک خانہ برعایت سنہ مخصوص ہونا چاہیئے ۔ مثلاً خانۂ اول سنہ ۱۳۰۰ کے لئے اور خانۂ دوم سنہ ۱۳۰۱ ۔ اور خانۂ سوم سنہ ۱۳۰۲ کے لئے اور اوس الماری پر خوش خط ایک چٹھی لگانا چاہیئے کہ یہ الماری فلان صیغہ کی مکمّل مثلون کی بابت ہے جس مین فلان سنہ سے فلان سنہ تک کا دفتر ہے ۔ اِسی چٹھی مین یہ بھی صراحت رہے کہ اس مین

اس قدر بستے ہین۔ از نشان سلسلۂ فلان تا نشان سلسلۂ فلان ۔

ب کا یہ مطلب ہے کہ جو الماری کہ ایک صیغۂ خاص کے لئے معیّن کی جاوے اوس کے متعدد بستون سے ایک ایک یا دو دو بستے ہر ایک باب کے لئے معیّن ہون۔ مثلاً اوس الماری مین جو صیغۂ مال کے لئے مشخّص ہوئی دس بستے ہون۔ تو ۔

نمبر	۱ و ۲	باب اوطان لاوارث کے لئے	یہ کل دہ ابواب ہین جو صیغہ کی مشلبند مین قائم ہین۔
"	۳	باب سیت سندیان کے لئے	
"	۴	باب مرافعہ کے لئے	
"	۵	باب تجویز ثانی کے لئے	

ج سے یہ مراد ہے کہ ہر ایک بستہ مین سلسلۂ نشانات صیغہ کی بھی رعایت رہنی چاہیئے یعنی الماری صیغۂ مال مین جو بستہ کہ باب (اوطان لاوارث) کے لئے

نمبر ۱ و ۲ کا قائم ہے اوسمین ظاہر ہے کہ متعدد طبلقین ہونگی۔ اون طبلقون سے ہر ایک طبلق مخصوص ہوگی نشانات خاص کے لئے۔ مثلاً۔

طبلق	۱	مین نشان	۱ سے	۵۰ تک
طبلق	۲	"	۵۱ سے	۱۰۰ تک
طبلق	۳	"	۱۰۱ سے	۱۵۰ تک
طبلق	۴	"	۱۵۱ سے	۲۰۰ تک

اور جو امثلہ مکملہ کہ صیغہ مال کے متعلق محافظی مین داخل ہوے ہین وہ مندرجہ ذیل نشانات صیغہ کے ہین۔

۱۔ ۲۔ ۱۰۔ ۲۰۔ ۳۵۔ ۶۸۔ ۱۰۱۔ ۱۹۰۔

پس حسب ہدایات متذکرہ بالا امثلہ نشان ۱ و ۲ و ۱۰ ۲۰ و ۳۵۔ تو طبلق اول مین رکھے جاوین گے۔ اور مثل ۶۸ طبلق ۲ مین۔ اور مثل ۱۰۱ طبلق ۳ مین۔ اور مثل ۱۹۰ طبلق ۴ مین۔

اس کے بعد اگر مثل نمبر ۶۹ بھی تکمّل ہو کر داخل دفتر ہوگی
تو طبلق نمبر ۲ مین مثل ۶۸ کے بعد رکھی جاوے گی۔
علی ہذا جب کہ مثل نمبر ۱۰۳ داخل دفتر ہو تو طبلق نمبر ۳ مین
مثل نمبر ۱۰۱ کے بعد رکھی جاوے گی۔

ترتیب دفتر محافظی کا دوسرا طریقہ — **دفعہ ۱۲۰** ایک دوسرا
طریقہ ترتیب دفتر محافظی کا یہ ہے۔ کہ رجسٹر نمبر ۳۲
متذکرۂ دفعہ ۱۱۷ کے عوض ہر ایک صیغہ کے نام سے
ایک ایک مثلبند جدا جدا محافظی مین بھی قائم کیا جاوے
اوسی نمونہ سے جو نمونہ کہ مثلبند نمبر ۳۲ کا ہے۔
اس صورت مین محافظی کا نشان بھی ہر ایک صیغہ کے
لئے جدا جدا قائم ہو گا۔ اور ہر ایسے نشان کے ساتھ صیغہ
کے نام کی صراحت ضرور ہو گی۔
لیکن تجربہ سے طریقہ اول زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔

امثلہ منفصلہ کے برآمد کرنے کا طریقہ — **دفعہ ۱۲۱** جب کسی فریقدار کو

مثل مکملہ کی ضرورت لاحق ہو تو اوس کو ایک یادداشت محافظ دفتر کے نام حسب صراحتِ ذیل لکھنا چاہیئے۔ ہر ایک صیغہ مین اس یادداشت کے متعدد قطعات مطبوعہ موجود رہنے چاہیین۔

یادداشت نمونہ نشان (۴۳) واقع ماہ آلہی سنہ ۱۳۰۴ف

از صیغہ ( ) م سنہ ۱۳ھ

بخدمت محافظ دفتر صاحب

مثل صیغہ ہذا نشان ( ) باب ( ) جس کی محافظی کا نشان ( ) ہے مہربانی سے بھیجدیجیئے۔

راقم

دفتردار صیغہ ( )

دفعہ ۱۲۳ یادداشت متذکرۂ دفعہ بالا کے پہونچنے پر محافظ دفتر کا کام ہے کہ نشان محافظی مندرجۂ یادداشت کے حوالہ سے مثلبند محافظی معاینہ کرے اور مثلبند کے خانہ ہای

(۷ و ۸ و ۹) سے الماری اور بستہ اور طبلق
کا نمبر معلوم کرے اور اوسی یاد داشت پر نمبر ہاے
مذکورہ کی نقل رجسٹر پر سے کر لینے کے بعد مثل مذکور بر آمد کرے

رسید یعنی محافظی کا نمونہ اور ہدایات

دفعہ ۱۲۳ بعد ازینکہ مثل
مذکور بر آمد ہوا اوس کو مندرجہ ذیل رجسٹر مین درج کرنا
چاہیئے۔ اور اس رجسٹر کا نشان مندرجہ خانۂ (۱)
یاد داشت مذکور کے گوشہ پر ڈال کر یاد داشت
مذکور کو مثل کی قید کے اور طبلق و بستۂ متعلقہ مین
رکھدینا چاہیئے۔ اور مثل مطلوب کو دفتردار طالب
مثل کے حوالے کر دینا چاہیئے۔ اور دفتردار کی
رسید رجسٹر مندرجہ ذیل کے خانۂ (۹) مین حاصل
کر لینا چاہیئے۔ یہ کل کارروائی دست بدست
بلا کسی واسطہ درمیانی کے ہونی چاہیئے۔

نمونہ نمبر (۳۵) رجسٹر رسید امثلہ مطلوبہ متعلقہ صیغہ محافظی دفتر (بابتہ سنہ ف)

نشان سلسلہ	تاریخ روانگی مثل	نشان رجسٹر محافظی بابتہ مثل برآمد شدہ	نشان صیغہ بابتہ مثل برآمد شدہ	نام اوس صیغہ کا جہان سے مثل کا مطالبہ ہوا ہے	کیفیت مقام مثل: نشان الماری	کیفیت مقام مثل: نشان بستہ	کیفیت مقام مثل: نشان طبلق	رسید	کیفیت واپسی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

دفعہ ۱۲۴ بعد ازینکہ مثل مذکور دفتردار کے پاس سے پھر محافظی مین واپس ہو جاوے۔ محافظ دفتر کا فرض ہے کہ اول رجسٹر مندرجہ دفعہ ماضیہ کے خانہ (۹) مین اوسکی واپسی بصراحت تاریخ درج کرے اور بعدہ مثل مذکور کو اسکی جگہ پر قیدک متعلقہ مین رکھکر یادداشت دفتردار مع شرح وصول مثل دفتردار کو واپس دیوے۔

امثلہ مکملہ و منفصلہ پر نشان جدید صیغہ قائم ہونے کی حالت مین محافظ دفتر کے فرائض

دفعہ ۱۲۵ ہرگاہ

حسب ہدایات مندرجہ دفعہ ۱۵۰ متذکرہ دفتر ہفتم دفتر دارانی کسی مثل منفصلہ پر نشان جدید قائم کرنے کے بعد نشان مذکور رجسٹر محافظی کے خانہ کیفیت مین لکھدیا تو محافظ دفتر کا کام ہوگا کہ نشان مذکور اوس یادداشت پر لکھدے جو کہ مثل مذکور کی جگہ طبلق مین برآمدی مثل کے وقت رکھی گئی ہے - اور نیز یہ صراحت کردے کہ یہ مثل اب اس جگہ پر واپس نہ ہوگی -

گشتیات و احکام کلیات کے متعلق | **دفعہ ۱۲۶** گشتیات اور احکام کلیات ہمیشہ طبع کراکر جاری کئے جاوین گے اور تعداد مطلوبہ سے پچیس کاپیان زیادہ طبع کرائی جاوین گی- اور یہ باقی ماندہ کاپیان محافظی مین محفوظ رہین گی - محافظ دفتر کا فرض ہے کہ ایک ایک کاپی ہر ایک کی دو جدا جدا فائل بکون مین مسلسل چسپان کرے اور ہمیشہ مکمّل رکھے - جس صیغہ سے اون فائل بکون کا

مطالبہ ہو با خذ رسید صیغہ مذکور مین روانہ کرے گشتیات اور کلیات کے نشانات کی تعریف صدر مجموعہ مالگزاری مطبوعہ ۱۳۱۴ فصلی کی دفعہ ۱۰۸۳ مین بیان ہوئی ہے ۔

نقل نویسی کے متعلق | **دفعہ ۱۲۷** نقل نویسی کا کام صیغہٗ محافظی ہی مین بذیل نگرانی محافظ دفتر رہے گا ۔ جس قدر نقل نویس افسر محکمہ کے حکم سے مقرر ہون گے وہ محافظ دفتر کے پاس رہین گے ۔ اور کل نقل نویسون مین ایک ہوشیار نقل نویس کا انتخاب بحکم منتظم دفتر عمل مین آکر اس کو چیف نقل نویس کا نام دیا جاوے گا جس سے رجسٹر ذیل متعلق رہے گا ۔ چیف نقل نویس کو گویا صیغہ نقل نویسی کا صیغہ دار خیال کرنا چاہیئے اور رجسٹر مندرجۂ ذیل کو صیغۂ نقل نویسی کا مثل بند ۔

[illegible]	۲۰	[illegible]	
[illegible]	۱۹	[illegible]	
	۱۸	[illegible]	
	۱۷	[illegible]	
	۱۶	[illegible]	
	۱۵	[illegible]	
	۱۴	[illegible]	
[illegible]	۱۳	[illegible]	
	۱۲	[illegible]	
[illegible]	۱۱	[illegible]	
	۱۰	[illegible]	
	۹	[illegible]	
[illegible]	۸	[illegible]	
	۷	[illegible]	
	۶	[illegible]	
	۵	[illegible]	
	۴	[illegible]	
	۳	[illegible]	
	۲	[illegible]	
	۱	[illegible]	

دفعہ ۱۲۸ چیف نقل نویس مجاز کیا جاوے گا کہ وہ صیغہ
موصولہ سے عرائض درخواست نقول کو رسید دیکر حاصل
کرے۔ اور رجسٹر بالا کے خانہ ہاے (۱) لغایت (۱۰) کی
خانہ پری کرے۔ اور اوس عرضی پر ایک فہرست لگا وے
اور فہرست پر نشان مندرجہ خانۂ (۱) رجسٹر مذکور
ثبت کرے جس کے بعد محافظ دفتر یا کسی مددگار
محافظ کی دستخط سے صیغۂ متعلقہ سے وہ کاغذ حاصل
کرنا چاہیئے جس کی نقل عطا کرنے کا حکم ہوا ہو۔ اس کاغذ
کے وصول ہونے کے بعد رجسٹر بالا کے خانۂ (۱۱)
مین الفاظ کی تعداد تحریر کرنا چاہیئے اور اوس کی اجرت
بحسب نرخ مقررہ رجسٹر مذکور مین درج کرنے
کے بعد درخواست دار کو اجرت کے داخل کرنیکا
حکم دینا چاہیئے۔ درخواست دار نے جس تاریخ اجرت
داخل کی ہو اوس کو خانہ (۱۴) رجسٹر بالا مین لکھنا چاہیئے

اور اجرت کی رسید بدستخط محافظ دفتر درخواستدار
نقل کو دینا چاہیئے۔

دفعہ ۱۲۹ یہ اجرت ایک خاص خریطہ یا صندوق مین جسپر محافظ دفتر کی کنجی رہے گی خزانۂ ذیمین امانتہً محفوظ کی جاوے گی۔ اور اس صندوق کی رسید فوطہ دار سے حاصل کی جاوے گی۔ اس رقم کا جمع و خرچ حسب حساب پیش کردہ محافظ دفتر و منظورۂ افسر محکمہ ماہانہ ایک دفعہ روزنامچۂ دفتر مین عمل مین آوے گا۔ اور اوس وقت تک اس رقم کا حساب ہر وقت رجسٹر متذکرۂ دفعۂ ۱۲۷ کے خانۂ (۱۳) سے معلوم ہو سکے گا۔

دفعہ ۱۳۰ ادخال اجرت کے بعد نقل تیار کیجاویگی اور بعد قرائت و سماعت محافظ دفتر کی تصدیق اوسپر ہوگی اور منتظم دفتر یا مددگار کی دستخط او

محکمہ کی مہر کے ساتھ اوسپر یہ لکھا جاوے گا کہ فلان شخص کی درخواست پر یہ نقل دی گئی۔ اور نیز نقل تیار شدہ کی پشت پر نقشۂ ذیل ثبت کیا جاوے گا۔

نمونہ نمبر (۳۷) نقشہ نقولات تیار شدہ

تاریخ حکم مطلوب النقل	تاریخ اطلاع دہی بغرض داخلہ محصول نقل	تاریخ درخواست نقل	تاریخ تیاری نقل	تاریخ عطاے نقل	تعداد الفاظ	تعداد اوراق	تصدیق محافظ دفتر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

دفعہ ۱۳۱ - نقل کے تیار ہونے کے بعد رجسٹر نمبر (۳۶) کے خانہ (۱۵) کی خانہ پری کی جاوے گی۔ اور جس تاریخ مین نقل درخواست دار کے سپرد ہو گی وہ تاریخ خانۂ (۱۶) مین لکھہ کر درخواست دار کی رسید رجسٹر کے خانۂ (۱۷) مین لی جاوے گی۔ اور محافظ دفتر کی تصدیق رجسٹر کے

خانۂ (١٨) مین جس کے بعد یہ مثل جو متعلق بکارروائی نقل ہے محافظی مین داخل کردی جاوے گی اور رجسٹر محافظی نشان (٣٣) کے خانۂ (١) کا نشان اس رجسٹر کے خانۂ (١٩) مین لکھا جاوے گا۔

دفعہ ١٣٢ نقل نویسی کی اجرت ہر مہینے مین جسقدر جمع ہوگی جس کی مقدار رجسٹر نمبر (٣٦) کے خانۂ (١٣) سے معلوم ہوسکے گی۔ وہ ختم ماہ پر بحصول حکم افسر محکمہ جو گزارش محافظ دفتر پر صادر ہوگا علی السّویہ کل نقل نویسون پر تقسیم کی جاوے گی۔ اور چیف نقل نویس کو فی صدی دس روپے بہ نسبت دوسرون کے زیادہ دیے جاوین گے۔ اور اس تقسیم کا کل حساب بصراحت رقم جمع شدہ رجسٹر نمبر (٢٣) یعنی روزنامچہ نقدی مین لکھا جاوے گا جو صیغۂ حساب مین مرتب ہے۔

بعض احکام متعلقہ نقل نویسی صراحت قیمت کاغذ نقل | دفعہ ۱۳۳ نقل مصدقہ

اوسی قیمت کے کاغذ مہور پر دی جاوے گی جس قیمت کا کاغذ اوس محکمہ مین مستعمل ہے جس محکمہ کی راے یا حکم کی نقل درکار ہے۔ مثلاً ڈپٹی کمشنری انعام کے فیصلہ کی نقل کے لئے محکمۂ مدار المہامی مین درخواست پیش ہوئی تو بلحاظ قاعدۂ بالا درخواست دوروپیہ کے کاغذ پر درکار ہوگی۔ اور نقل آٹھ آنہ کے کاغذ پر دی جاوے گی۔

دفعہ ۱۳۴ اگر کسی ایسے محکمہ کی تحریر کی نقل مصدقہ درکار ہے جس مین کاغذ مہور مستعمل نہین ہے تو نقل کے لئے کاغذ مہور اوس محکمہ کا درکار ہوگا جس محکمہ مین درخواست پیش ہوئی ہے۔

عطاے نقل بصیغہ ناداری | دفعہ ۱۳۵ اگر کوئی ایسا شخص کہ جس کا مقدمہ بصیغہ ناداری عدالت مین دائر ہوا وسی مقدمہ

کی تائید مین کسی اسناد وغیرہ کاغذات وثائق کی نقل مال سے لینا چاہے تو بعد اطمینان اس امر کے کہ عدالت مین وہی مقدمہ بصیغہ ناداری لیا گیا ہے۔ نقول مطلوبہ سادے کاغذ پر دی جاوین۔

عطائے نقول بر کاغذ سادہ بلا تصدیق محکمہ

دفعہ ۱۳۶ جب کاغذات کی نقل سادے کاغذ پر درکار ہو اوس کی درخواست حسب ہدایت مندرجہ دفعہ ۱۳۳ کاغذ مختوم ہی پر پیش ہوگی اور نقل بلا مہر و دستخط حاکم محکمہ صرف محافظ دفتر کی تنقیح سے سادہ کاغذ پر دی جاوے گی۔ ایسی نقل کا سادہ کاغذ خود نقل نویس اپنے پاس سے صرف کرین گے۔ اور اجرت نقل نویسی اوسی حساب سے محسوب ہوگی جس حساب سے نقل مصدقہ کی اجرت لی جاتی ہے ہر ایسی نقل جو کہ سادہ کاغذ پر لی گئی ہو کسی محکمہ سرکاری مین پیش کرنے کے قابل نہ ہوگی بلکہ صرف

مطلب کے معلوم کرنے کے لئے ایسی نقل کا حاصل کرنا کافی ہوگا ۔

واپسی درخواست بحالت عدم وجود کاغذ مطلوب النقل

دفعہ ۱۳۷ ۔ اگر ایک محکمہ مین نقل کی درخواست پیش ہونے کے بعد معلوم ہو کہ کاغذ مطلوب النقل محکمۂ ماتحت مین روانہ ہوچکا ہے تو اصل عرضی پر یہی شرح ہوکر واپس ہوجاویگی اور عرضیگزار اوسی عریضہ مشرحہ مذکورہ کو اوس محکمہ مین پیش کرکے نقل حاصل کریگا جس محکمہ مین مثل ہے ۔ اگر محکمۂ واپس کنندۂ عرضی کے مافوق محکمہ مین وہ کاغذ ہو جس کی نقل مقصود ہو تو عرضی واپس شدہ کے ساتھ ایک تکملہ کاغذ مختوم کا لگانا ضرور ہوگا تاکہ عرضی کا کاغذ مساوی ہوجاوے محکمہ مذکور کے مستعملہ کاغذ کے ۔

نقول تختہ جات کے متعلق

دفعہ ۱۳۸ ۔ کسی تختہ کی نقل کے لئے کاغذ مختوم کی قیمت کا تقرر رائے آخر مندرجہ تختہ کے

لحاظ سے ہو گا۔ مثلاً اگر تختہ انعام پر رائے آخرہ نواب مدار المہام سرکار عالی کی ہے تو تختہ کی نقل دو روپیہ کے کاغذ پر دی جاوے گی۔ اگر تختہ صرف رائے محکمہ مجلس مال گزاری سے فیصل پایا ہے تو اوس کی نقل ایک روپیہ کے کاغذ پر عطا ہو گی۔

کاغذ مختوم کی وسعت کافی نہ ہونے کی حالت مین کس طرح سے عمل ہوگا

دفعہ ۱۳۹ نقول کی تیاری مین اگر کاغذ مختوم کی وسعت کافی نہ ہو تو ایک سادہ کاغذ بطور تکملہ کے اوس کے ساتھ ملسلک کر کے نقل کی تکمیل کرنا چاہیئے اور دونون حصونپر حاکم محکمہ کی دستخط اور مہر کی جاوے۔ اسی طرح متعدد اوراق بطور تکملہ کے شامل ہو سکین گے۔ اور ہر ایک تکملہ پر محکمہ کی مہر ہو گی۔ اور تکملون کے گوشہ پر ورق داغ یعنی نشان سلسلہ قائم ہو گا۔ اور اول ورق پر صراحت کی جاوے گی کہ اس کے ساتھ اس قدر اوراق

بطور تکملہ کے منسلک ہیں ۔

حصول نقول بذریعہ درخواست بواسطۂ ٹپہ | **دفعہ ۱۴۰** اگر درخواست

نقل بذریعہ ٹپہ بھیجی جاوے تو بطریق اندازہ اجرت
نقل نویسی بھی ٹکٹون کے ذریعہ سے درخواست کے
ساتھ روانہ ہونی چاہیئے ۔ اور نیز روانگی نقل کے لئے
رجسٹری کا خرچ اور مقام درخواست گزار کی صراحت
بھی درخواست مین کرنی چاہیئے ۔ نقل تیار ہو جانے
کے بعد اوسی پتہ سے درخواست دار کے نام روانہ
ہو گی ۔ جس کی صراحت درخواست دار نے اپنی
عرضی مین کی ہے ۔

نقل نویسی کی اجرت کا حساب | **دفعہ ۱۴۱** نقل نویسی کی

اجرت کا حساب باعتبار الفاظ ہوگا نہ باعتبار حروف
اور نرخ اجرت فی صد الفاظ کی تحریر کے لئے ۲ر ہے
مگر جب کہ سو لفظ سے زیادہ کی تحریر ہو تو دوسری

فی صدی سے ۲ر کا حساب ہوگا۔ اور کسرات پر بھی بحساب فی صدی اجرت لی جاوے گی۔ مثلاً (۵۰) یا (۲۵) الفاظ کے لئے ۳ر اجرت لی جاوے گی۔ علی ہذا (۱۵۰) اور (۱۲۵) کے لئے ۵ر۔ حاصل یہ کہ پہلے سو کی کسرات پر کامل ۳ر لئے جاویں گے۔ اور اس کے بعد ہر سو کے کسرات پر ۲ر۔

دفتر ہفتم متفرقات

دفعہ ۱۴۲ اس دفتر میں مندرجہ ذیل ابواب بیان ہوئے ہیں۔ جنکی تفصیلی ہدایات دفعات آئندہ میں درج ہیں۔ ابواب ذیل بطور گوشوارہ مختصر بیان کئے گئے ہیں۔

الف وہ متفرق کام جو ترتیب دفتر سے متعلق ہیں

(۱) جواب طلب کے متعلق۔

(۲) امثلہ تاریخی کی کارروائی کے متعلق۔

(۳) ایک مثل کا دوسری مثل مین شمول۔

(۴) منفصلہ مثل پر نشان جدید قائم کرنے کے احکام۔

ب　مستغیثین کے پیروی کرنے کا طریقہ۔

ج　معائنہ مثل کے احکام۔

د　رجسترون کے متعلق ہدایات عام۔

ہ　اہلکاران محکمہ کے متعلق ہدایات عام۔

و　ممنوعات۔

ز　دفتر راز کے متعلق۔

ح　متعلق بہ تنقیح دفتر و خاتمہ۔

الف

وہ متفرق کام جو ترتیب دفتر سے متعلق ہین۔

(۱) جواب طلب کے متعلق	دفعہ ۱۴۳ دفتر دار کا فرض ہے

کہ ہر مہینے مین ایک بار اپنے مفوضہ کل مثلون کا دورہ

بتدریج ایک طرف سے شروع کرکے ختم کرے۔ اس دورہ کے ضمن مین جس مثل مین کسی مراسلہ کے طلب جواب کی ضرورت معلوم ہو تو فوراً جواب طلب جاری کرے جس کا نمونہ دفعہ (۱۴۴) مین مندرج ہے۔ جواب طلب کا اجرا ہمیشہ منتظم دفتر کے دستخط سے ہوگا۔

دفعہ ۱۴۴۔ جواب طلب کے لئے جدا گانہ مُسوّدہ مرتب کرنے کی ضرورت نہ ہوگی بلکہ اوسی مُسوّدہ پر جس کا جواب طلب کرنا مقصود ہے دفتردار خود اپنے قلم سے عبارت ذیل تحریر کرے گا۔

(جواب طلب کیا جاوے اس لئے کہ ایک مہینہ کی مدت گزر چکی ہے)

اور ساتھ ہی جواب طلبی مُبیّضہ تیار کرکے دونوں پر ایک ساتھ منتظم دفتر کی دستخط حاصل کرے گا۔ اور اجرائی بھی اوسیطرح عمل مین آوے گی جس طرح عام طور پر مجاریون کی اجرائی کے متعلق دفتر چہارم مین

ہدایت کی گئی ہے۔ مثبتہ جواب طلب کا نمونہ ذیل
مین مندرج ہے۔جس کے متعدد قطعات مطبوعہ ہر ایک
صیغہ مین موجود رہنے چاہیئن۔

نمونہ نمبر (۳۸) مراسلہ جواب طلب

مراسلہ دفتر واقع ماہ الٰہی سنہ ف

نشان جواب طلب م ماہ سنہ م

مقدمہ

منجانب ( ) ( )

بخدمت ( )

بنظر عدم وصول جواب مراسلۂ این دفتر نشان ( ) مورخہ ( )

موسومہ ( ) نگارش ہے کہ براہ مہربانی مراسلہ مذکور کا جواب عنایت فرمایا جاوے

منتظم دفتر

( )

دفعہ ۱۴۵ کہتاونی جواب طلب کے لئے ایک مجاریہ جداگانہ بجسب نمونہ مجاریہ متفرق بطور عام کل علاقونکے لئے رکھنا چاہیئے۔ تاکہ ہر وقت کل مجاریہ کی تعداد سے جواب طلب کی تعداد بلا دقت معلوم کی جاسکے۔

۔ ملاحظہ ہو دفعہ (　　) حصہ مجموعہ قوانین مالگزاری ۔

دفعہ ۱۴۶ جو جواب طلب کہ دفاتر غیر سے وصول ہوتے ہین اون کے متعلق اگر صرف اس قدر جواب دینا ہو کہ ۔ مراسلہ محولہ کا جواب فلان نشان کے ذریعہ سے ادا ہوچکا ہے ۔ تو ایسے جواب کے لئے جداگانہ مراسلت ضرور نہ ہوگی بلکہ اوسی موصولہ جواب طلب کی پشت پر عبارت مذکورہ دفتر دار تحریر کرے گا اور منتظم دفتر کی دستخط سے وہی مراسلہ بذریعہ صیغہ مجاریہ بجنسہ واپس ہو جاوے گا۔ ایسے جواب پر اوسی مجاریہ کا نشان ڈالا جاوے گا۔ جو مجاریہ کہ جواب طلب

کے لئے جدا گانہ رکھا گیا ہے۔

دفعہ ۱۴۷ امثلہ نمبری | (۲) امثلہ تاریخی کی کارروائی کے متعلق

یا سرسری اعم ازینکہ مرافعہ کے ہون یا تجویز ثانی کے یا نگرانی کے یا اور کوئی مثل جس کی دریافت کے لئے حاکم نے تاریخ مقرر کردی ہو اوس کے متعلق دفتردار کا فرض ہے۔ کہ بعد ازینکہ رجسٹر نمبر (۱۲) متذکرہ دفعہ (۵۸) مین اوس مثل کی کھتاونی کرے۔ ایک تختہ مین جو حسب نمونہ ذیل مرتب ہوگا۔ ایسی کل مثلون کو درج کرکے اپنے صیغہ مین آویزان کرے۔ تاکہ اہل مقدمات ہر وقت اپنے مقدمہ کی تاریخ مقررہ سے آگاہ ہوسکین۔ اس تختہ کے کل تواریخ مندرجہ گزر جانے کے بعد یہ تختہ بدل دیا جاوے گا اور دوسرا تختہ مرتب ہوگا۔ اس تختہ پر صیغہ دار صیغہ کے دستخط تصدیقاً ثبت رہین گے۔

نمونہ نمبر (۳۹) تختہ مقدمات پیشی متعلقہ دفتر ( ) بابتہ سنہ م سنہ ف

تاریخ: سنہ الٰہی	تاریخ: ماہ	تاریخ: روز	نام فریقین معہ صراحت پیشی	نشان مسل	کیفیت تاریخ تبدیل یا ملتوی
۱	۲	۳	۴	۵	۶
آذر سنہ [illegible]	[illegible]	[illegible]	رام داس مرافع شوکت علی طرفدانی مرافعہ علیہ	$\frac{5}{2}$ متفرقات سنہ ۱۳۴۰ف	اسکی تاریخ تبدیل ہوکر ۲ آذر مقرر ہوئی
دی سنہ [illegible]	[illegible]	[illegible]	رام داس مرافع شوکت علی مرافع علیہ علی احمد مرافع احمد بن سالم مرافع علیہ	$\frac{5}{2}$ متفرقات سنہ ۱۳۴۰ف $\frac{2}{5}$ مال سنہ ۱۳۴۰ف	

دفعہ ۱۴۸ یہ تختہ طولانی رہے گا۔ اسمین اون کل تاریخون کی کہ قانونی وقت بوقت ہوا کرے گی جن مین مقدمات کی دریافت قرار دی گئی ہو ۔ یہ تختہ درحقیقت رجسٹر تاریخ پیشی نمبر (۱۲) کی ایک نقل ہے جو بصورت تختہ مرتب کی جاتی ہے ۔

(۳) ایک مثل کو دوسری مثل مین شامل کرنے کے احکام **دفعہ ۱۴۹** اگر ایک متدائرہ مثل کو دوسری متدائرہ مثل سے تعلق ہونے یا ایک مقدمہ کی دو مثلین مرتب ہو جانے کی وجہ سے ایک کو دوسری مین شامل کرنے کی ضرورت لاحق ہو تو دفتردار کا فریضہ ہے کہ بشمول حکم تحریری صیغہ دار ایک مثل کو دوسری مثل مین شامل کرے اور مثلبندون کے خانۂ کیفیت مین دونون مثلون پر نشان کے محاذی بصراحت لکھدے کہ فلان نمبر کی مثل فلان نمبر کی مثل مین شامل کر دی گئی جس کے بعد ایک مثل دوسری مین بلحاظ سلسلۂ تواریخ کاغذات ملادی جاوے گی خاص خاص حالات مین باتباع حکم تحریری صیغہ دار کسی ایسی مثل شریک شدہ کا جداگانہ طور پر بطور ضمیمہ مثل کے منسلک رکھنا بھی جائز ہے۔ لیکن ایسی حالت مین ایک دوسری کی فہرستون پر اس شمول کی کیفیت

بحوالہ نشانات مثل لکھدینا چاہیئے۔ اِن حوالون سے جوکہ ایک دوسرے کے نشاناتِ سابقہ پر مثلبند مین لکھے جاوین گے فائدہ یہ ہوگا کہ موصولہ ہاے جدید کے وصول ہونے پر اِن حوالون کے ذریعہ سے مثل متعلقہ فورًا مِل سکے۔

جب کوئی منفصلہ مثل پر نشان جدید قائم کرنے کی ضرورت ہو تو اوس کے متعلق کس طرح سے عمل ہوگا (۴)

دفعہ ۱۵۰ اگر کسی منفصلہ مثل پر جو سنین ماضیہ کی مثل ہے مثلبند سال حال مین نشانِ جدید قائم کرنے کی ضرورت ہو تو دفتردار کا فرض ہے کہ بحصول حکم تحریری منتظم دفتر بحسب ہدایات مندرجہ دفعہ (۱۲۱) اوس مثل کو صیغۂ محافظی سے حاصل کرنے کے بعد مثل بند جدید مین اوس کا نشان اوسی طرح قائم کرے جس طرح ایک جدید کاغذ پر نشان قائم ہوتا ہے اوس کے بعد نشان قائم شدہ کو اوسی مثل پر سرخی سے لکھنا چاہیئے

اور نیز اوس مثلبند سال ماضیہ مین جس مین مثل مذکور کا نشان
ابتدائی قائم ہوا تہا محاذی نشان مذکور بخانہ کیفیت
صراحت کر دینا چاہیئے کہ یہ مثل فلان نمبر پر فلان سنہ
کی مثلبند مین مکرر قائم ہو چکی ہے ۔ نیز دفتر دار کا فرض ہے
کہ اِسی نشان جدید کو رجسٹر محافظی کے خانۂ (۱۰)
مین لکہدے ۔

ب

مستغیثین کی پیروی کا طریقہ

مستغیثین کی پیروی کے اقسام

دفعہ ۱۵۱ مستغیثین کی پیروی دو طرح پر ہوتی ہے ۔ ایک یہ کہ وہ مقدمات تاریخی مین تاریخ مقررہ پر حاضر ہوتے ہین اور حکّام کے اجلاس پر اونکو پیروی اور ہر ایک سوال کے جواب کا موقع ملتا ہے دوسرے وہ مستغیث ہین جن کے مقدمات مین تاریخ مقرر نہین ہوتی بلکہ سلسلہ کارروائی مین بغرض دریافت

کیفیت کارروائی یا بطور تقاضاے عجلت حاضر ہوتے ہین

دفعہ ۱۵۲ طریقہ جواب مستغیثین

قسم دوم مندرجہ دفعۂ بالا کی نسبت ہر ایک دفتر کے منتظم کا فرض ہے کہ وہ ایک وقت خاص ہفتہ مین دو یا تین روز یا روزانہ اس خاص کام کے لئے مقرر کرے - ایسے وقت مقررہ کا اعلان بذریعہ اشتہار ہونا چاہیئے ہر ایک ایسا اشتہار جو متعلق بہ تشہیر احکام دفتر ہو دفتر کے منظر عام اور صدر دروازے پر آویزان کیا جاوے گا - منتظم دفتر کا کام ہے کہ اوقات مقررہ پر خود اور کامون کو رکھ کر ہر ایک مستغیث کے استفسار کا جواب دیوے -

دفعہ ۱۵۳ ہدایت نسبت جواب ہر یک سوال مستغیثین

مستغیثین کے استفسارات اکثر امور ذیل کے متعلق ہوتے ہین -

الف کوئی استفسار کسی دفتر نے کیا ہے تو اوس کے

جواب دینے کی درخواست۔

ب کسی مقدمے مین فیصلۂ آخر کی استدعا۔

ج کسی مقدمے مین محکمۂ صدر مین تحریک کر دینے کی خواہش جس سے مقدمے کا فیصلہ متعلق ہے۔

د درخواست اپیل یا تجویز ثانی۔

ﮧ درخواست التواے تعمیل یا کوئی ایسی درخواست جس کی منظوری کا اختیار حاکم کو حاصل ہے

و نقل یا معاینۂ مثل کی درخواست۔

ز یا اور کوئی درخواست جو مندرجۂ بالا درخواستون کے سوا ہو جس کی تجویز آخر منتظم کی اقتداری نہ ہو۔

مندرجۂ بالا درخواستون سے بعض تحریری ہون گی اور بعض زبانی منتظم دفتر ایسی تحریری درخواستونکو بھی وقت مذکور مین لینے اور جواب دینے کا مجاز ہوگا

اور زبانی درخواستون کے متعلق بھی منتظم ہی کا
کام ہے کہ جواب دیوے۔ اور یہ جواب فوراً
صیغہ داران متعلقہ سے کاغذ متعلقہ طلب اور معاینہ
کرکے دیا جاوے گا۔ اگر کوئی کاغذ باتفاق سر دست
ہمدست نہ ہوسکے تو اوس کی نسبت ایک نوٹ
لکھہ لی جاوے گی اور آیندہ روز اوس کا جواب
ادا کیا جاوے گا۔

سوال الف کا جواب	دفعہ ۱۵۴ سوال الف مندرجۂ

دفعہ ماضیہ کے متعلق اگر ادائے جواب استفسار کا حکم
مختتم افسر محکمہ کے اجلاس سے ہوچکا ہو تو فوراً اوس کی
اجرائی کراکر اوس کا نشان مجاریہ مستغیث کو دیدینا چاہئیے
ہر ایسا نشان نمونہ ذیل کے مطبوعہ کاغذ پر دیا جاوے گا
جس کی خانہ پری صیغۂ مجاریہ سے ہوگی۔

نمونہ نمبر (۴۰) پرچہ جوابی متعلقہ دفتر ( ) بابتہ سنہ ف

نشان انڈکس	تاریخ پیشی	نام مستغیث	خلاصۂ مقدمہ	دستخط صیغہ دار مجاز
۱	۲	۳	۴	۵

اگر افسر کے اجلاس سے حکم مختتم نہ ہوا ہو اور مثل ہنوز صیغہ سے پیش نہ ہوئی ہو تو فوراً پیش کرا کر۔ اور اگر پیش ہو چکی ہو تو دونوں حالت میں مستغیث کو پرچہ نمونہ ذیل کے ذریعہ سے جواب دیدینا چاہیئے۔

نمونہ نمبر (۴۱) پرچہ جوابی متعلقہ کاغذ تجویز طلب اجلاس حاکم

تاریخ پیشی مثل	نشان انڈکس	مختصر نوعیت مقدمہ	نشان خانۂ اول رجسٹر دادرسند
۱	۲	۳	۴

سوال ب کا جواب | دفعہ ۱۵۵ سوال ب کے متعلق بصورت صدور فیصلہ از اجلاس حاکم اوس کی سماعت مستغیث کو کرا کر اطلاعیابی کی دستخط بصراحت تاریخ اوس فیصلہ پر لے لینا چاہیئے۔ اگر حکم آخر اجلاس حاکم سے صادر نہ ہوا ہو تو نمونہ نمبر (۴۱) کے ذریعہ سے جواب دیدینا چاہیئے۔

سوال ج کا جواب | دفعہ ۱۵۶ سوال ج کے متعلق اگر محکمۂ صدر کے نام تحریک ہوچکی ہو یا کاتب مراسلہ کو کوئی جواب ادا ہو تو بذریعہ پرچہ نشان (۴۰) جواب ادا ہوگا۔ اور بصورت عدم صدور تجویز حاکم پرچۂ نمبر (۴۱) دیدیا جاوے گا۔

سوال د کے متعلق | دفعہ ۱۵۷ یہ درخواست ہمیشہ تحریراً پیش ہوگی۔ اِس کے متعلق منتظم دفتر کا فرض ہے کہ مراتب ابتدائی یعنی میعاد اور قیمت کاغذ کا تصفیہ

اور نقل حکم ماتحت کو ملاحظہ کر کے اپنی راے کے سات
حاکم مجاز کے روبرو مع درخواست بھیجدین لیکن ایسی
تحریری درخواست کی نسبت منتظم دفتر یا اور کسی حاکم
کا جو ایسی درخواستون کے لینے کا مجاز ہے یہ فرض ہوگا
کہ اوسپر مراتب ذیل کو اپنے قلم سے لکھے۔

(۱) کسنے پیش کیا۔

(۲) اسکے سات منسلکات کسقدر ہین۔ اور کیا کیا۔

درخواست ۵ کے متعلق | **دفعہ ۱۵۸** درخواست ۵ بھی تحریری
ہوگی جس کے سات درخواست دار حاکم مجاز کے روبرو
فوراً بھیجدیا جاوے گا اور مثل بھی اوس کے سات رہیگی
اس حالت مین کتاب داد و ستد صیغہ کی خانہ پری اُن
ہدایات کے مطابق ہوگی جنکی صراحت دفعہ (۴۸)
مین ہوئی ہے۔

درخواست ۹ کے متعلق | **دفعہ ۱۵۹** درخواست ۹ کے متعلق

جو تحریر آیندہ پیش ہو گی حکم آخر لکھدینا افسر محکمہ کا کام ہے مثل کے معاینہ کرانے یا نقل مطلوب کے دینے کی نسبت منتظم دفتر کو اپنی راے پیش کرنا چاہیئے۔ اور بصورتِ انکار از عطاے نقل یا معاینہ مثل اوس کے وجوہ بصراحت تحریر ہونے چاہئین۔

حاصل یہ ہے کہ ہر ایسی درخواست درخواست دار کے سات[ھ] حاکم کے اجلاس پر پیش کردی جاوے گی۔

درخواست سنہ کے متعلق | **دفعہ ۱۶۰** درخواست سنہ کا جواب بلحاظ سوال بپابندی قواعد جاریہ و احکام متذکرہ دفعات بالا منتظم دفتر ادا کرے گا۔

ج

معاینہ مثل کے احکام

معاینہ مثل کے احکام | **دفعہ ۱۶۱** ہر ایک درخواست معاینہ مثل کی اوسی قیمت کے کاغذ مختوم پر پیش ہو گی جو محکمہ متعلقہ کے عرائض کی نسبت مقرر ہو درخواست مین بصراحت ذکر

کیا جاوے گا کہ کون سی مثل کا دیکھنا مقصود ہے درخواست میں مثل کا پتہ اس قدر صراحت کے ساتھ مندرج ہونا ضرور ہوگا جو معمولی سعی کے بعد مثل کے برآمد کرنے کے لئے کافی ہو۔ درخواست مین یہ بھی لکھا ہوگا کہ کس ضرورت سے مثل کا معاینہ کرنا مقصود ہے

دفعہ ۱۶۲ درخواست کے پیش ہونے پر افسر محکمہ معاینہ مثل کا حکم صادر کرے گا اور حکم دیتے وقت لحاظ رکھیگا کہ مفصلہ ذیل کاغذات کے معاینہ کی اجازت نہ دیجاوے لیکن ہمیشہ معاینہ کرانے سے انکار کرتے وقت یہ ضرور ہوگا کہ انکار کے وجوہ قلمبند کرکے عرضی گزار کو اوس سے اطلاع دیدی جاوے۔

(۱) تمام نیم سرکاری تحریرات۔

(۲) تمام انتظامی تحریرین اور اون کے جوابات جو کہ کسی خاص مقدمہ سے متعلق نہ ہون۔

(۳) کاغذات متعلقہ نظم ونسق عہدہ داران و

دیگر ملازمان ۔

(۴) عہدہ داران اور دیگر ملازمون کی شکایت کے کاغذات البتہ جب ایسے کاغذ کے معاینہ کی نسبت کسی شخص کی طرف سے درخواست پیش ہو جوکہ اوس شکایت سے خاص تعلق رکھتا ہو اور کوئی وجہ قوی مانع نہ ہو تو معاینہ کرانے کی اجازت دی جاوے گی ۔

(۵) وہ دستاویزات جو جعلی کے شبہ مین ضبط ہوے ہون اور ابھی کارروائی ختم نہ ہوئی ہو ۔

(۶) وہ اظہارات جنکے مندرجہ بیانات کے لحاظ سے کوئی شخص کسی الزام مین ماخوذ ہوتا ہو اور ابھی کارروائی ختم نہ ہوئی ہو ۔

(۷) جب ایک ہی واقعہ کے متعلق چند بیانات قلمبند ہونے والے ہون تو جب تک کل

بیانات قلمبند نہ ہو چکین۔

(۸) کوئی اور کاغذ جس کا معاینہ کرانا کسی خاص احتیاط کے لحاظ سے افسر محکمہ کی دانست مین مناسب نہ معلوم ہوتا ہو۔

دفعہ ۱۶۳ معاینہ کی اجازت کے بعد جب کہ اہلکاران سررشتہ کو معلوم ہو کہ بلحاظ ستثنیات مندرجہ دفعہ بالا کے کسی مثل یا کاغذ کا معاینہ کرانا جائز نہین ہے تو اوسکی کیفیت افسر محکمہ کے سامنے پیش کی جاوے گی اور جو حکم اوسپر صادر ہوگا اوس کے مطابق تعمیل ہوگی۔ ضرور ہوگا کہ اوسی روز معاینہ ختم ہو جس روز حکم صادر ہوا ہو اور انتہائے درجہ اوس سے دوسرے روز۔ اس سے زیادہ کوئی توقف بدون خاص تحریری منظوری افسر محکمہ کے جائز نہ ہوگا۔

دفعہ ۱۶۴ عرضی گزار مجاز ہے کہ اپنے ساتھ کسی ایک

شخص کو معاینہ کے واسطے ساتھ لاوے اور جب ایسا شخص غیر
عرضی گزار کے ساتھ حاضر ہو تو کسی وکالت نامہ و مختار نامہ
وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی لیکن جب کہ عرضیگزار کی
غیر حاضری مین اوس کی طرف سے کوئی اور شخص مثل کو
دیکھنا چاہے تو وہ عام مقدمات کی کارروائی کی طرح
اون قواعد اور دستورات کا پابند ہوگا جو وکالت نامہ
و مختار نامہ کی نسبت نافذ ہون ۔

دفعہ ۱۶۵ معاینہ کی فیس ہر گھنٹہ کے لئے چار آنے
حالی ہوگی۔ مثلاً آدہے گھنٹہ کی فیس چار آنے لی جاویگی
ڈیڑھ گھنٹہ کے لئے ۸ر وعلی ہذا القیاس ۔ یہ فیس کم سے کم
ایک گھنٹہ کی بابت معاینہ شروع کرنے سے پہلے اوس
عہدہ دار کے پاس داخل کردی جاوے گی جس کو اس
کام کے لئے افسر محکمہ نے تجویز کیا ہو اور ختم معاینہ پر
سالم فیس بے باق کردی جاوے گی لیکن اگر عہدہ دار

مذکور معاینہ کرنے والے شخص کی طرف سے مطمئن نہ ہو تو
ہر دوسرے گھنٹے کے شروع ہونے پر اوس گھنٹے کی فیس
لی جاوے گی اور بدون اوس کے معاینہ کی اجازت
نہ دی جاوے گی۔

دفعہ ۱۶۶ معاینہ کے ختم کے بعد معاینہ کنندہ سے
ذیل حکم معاینہ پر کیفیت معائنہ بقید تاریخ اور سنہ
کہ کس قدر وقت معاینہ مین صرف ہوا اور کس قدر
فیس اوس نے دی مع اوس کے دستخط کے ثبت کرائی
جاوے گی اور معاینہ کرانے والے عہدہ دار کی طرف سے
اوس کی اطلاع افسر محکمہ کو ہو کر بعد شرح افسر
موصوف وہ عرضی اوسی مثل مین شامل کر دیجاویگی
جو معاینہ ہوئی ہے۔ اور اگر کاغذ معاینہ شدہ
کوئی خاص مثل نہین ہے بلکہ کوئی تختہ یا کتاب ہے
جو مثل کی طرح مرتب ہو تو عرضی مذکور بطور

عرائض متفرق کے رجسٹر صیغہ مین درج ہوکر داخل دفتر ہوگی ۔

دفعہ ۱۶۷ معاینہ ہمیشہ منشی خانہ یا محافظ خانہ مین جس سے حاکم محکمہ یہ کام متعلق کرے عام طور سے ہوگا نہ تخلیہ مین ۔ اور ایک خاص اہلکار معاینہ کے وقت موجود رہیگا ۔ معاینہ کرنے والے اوس وقت اپنے ساتھ دوات وقلم رکھنے سے ممنوع ہون گے البتہ وہ پنسل یعنی سرمئی قلم اور کاغذ اپنے ساتھ رکھہ سکتے ہین اور جو یادداشت لکھنا چاہین اپنے پاس لکھہ سکتے ہین ۔ مثل مین کسی کاغذ پر وہ کچھہ لکھنے یا لکیر کھینچنے سے ممنوع ہون گے ۔ بعض اوقات جو حکّام محکمہ جات مثلون کی پیشی کے وقت مثل یا کوئی کاغذ اہل مقدمات کو دیکھنے دیتے ہین وہ کارروائی اس حکم کی تاثیر اور فیس معاینہ سے مستثنیٰ رہے گی ۔

دفعہ ۱۶۸ فیس معاینہ کا ایک رجسٹر ۔ ہر ایک محکمہ مین رہیگا حسب نمونۂ ذیل ۔ اور ضرور نہ ہوگا کہ یہ رجسٹر ہر محکمہ مین ہر سال بدلا جاوے ۔ بلکہ بلحاظ قلت و کثرت کارروائی نیا رجسٹر شروع کیا جاوے گا جس محکمہ مین ایسی درخواستین کم پیش ہون تو جائز ہوگا کہ ایک رجسٹر چند سال کام آوے ۔

اس رجسٹر کے خانۂ (۱۲) مین رقوم مندرجۂ خانۂ (۱۱) کی میزان وقت بوقت لکھی جاوے گی تاکہ ہر وقت فیس معاینۂ مثل کی مجموعی رقم مجتمعہ معلوم ہو سکے ۔ اور یہ رجسٹر اوسی اہل کار کے تفویض رہیگا جس اہل کار سے معاینہ کرانے کا کام متعلق کیا گیا ہے اہل کار متعلقہ کو ہرگز اجازت نہین ہے کہ وہ رقم فیس مندرجۂ خانۂ (۱۱) کلاً یا جزءً اپنے پاس جمع رکھے ۔

نمونه شماره (۳۲) حساب مطالبات اشخاص متعلقه [illegible]

	۱۵	[illegible]	
	۱۴	[illegible]	
	۱۳	[illegible]	
	۱۲	[illegible]	
	۱۱	[illegible]	
	۱۰	[illegible]	[illegible]
	۹	[illegible]	
	۸	[illegible]	
	۷	[illegible]	
	۶	[illegible]	
	۵	[illegible]	
	۴	[illegible]	[illegible]
	۳	[illegible]	
	۲	[illegible]	
	۱	[illegible]	

دفعہ ۱۶۹ افسر محکمہ مجاز ہوگا کہ جو فیس معاینہ وصول ہو اسکو بلحاظ محنت اور ذمہ داری معاینہ کے جس اہلکار یا اہلکارون کو چاہے تقسیم کر دے۔ اور کم سے کم چھ مہینہ کے تجربہ اور فیس کی تعداد دریافت ہونے کے بعد اپنی رائے سے امور مفصلۂ ذیل کا فیصلہ کرے۔

(الف) کوئی حصہ فیس کا سرکار مین جمع کرے۔

(ب) معاینہ کرانا مثلون کا اور فیس کا لینا محکمہ کے اہلکارون سے متعلق رہے یا کوئی خاص اہلکار اس کام کے لئے مقرر کیا جاوے۔

دفعہ ۱۷۰ فیس جس قدر جمع ہوگی وہ روزنامچہ نقدی نمبر (۲۳) مین جمع ہو کر خزانۂ محکمہ مین داخل ہو جاوے گی اور بحکم حاکم محکمہ جو حصہ فیس کا اہلکار متعلقہ کو دیا جاوے گا خواہ ایک دفعہ ماہواری دیا جاوے یا وقت بوقت اوسکا خرچ کا داخلہ بھی رجسٹر مذکور مین رہے گا۔

د

رجسترون کے متعلق ہدایات عام

رجسترون کے مجلد کرنے کا حکم

دفعہ ۱۷۱ ہر ایک دفتر مین رجسترونکو مجلد تیار کرنا چاہیئے اور ہر جلد پر ایک چھٹی خوش خط لگانا چاہیئے جس مین دفتر اور صیغہ اور رجستر کا نام بصراحت سنہ فصلی و ہجری لکھا رہے۔

رجسترون کی تکمیل ورق داغ اور مہر سے

دفعہ ۱۷۲ ہر ایک رجستر کے اوراق پر نشان سلسلہ ڈالنا چاہیئے۔ اور نیز رجستر کے ہر ورق پر دفتر کی مہر ثبت کرنا چاہیئے۔ اور آخر ورق پر کل اوراق کی تعداد لکھہ کر اوسپر منتظم دفتر کی دستخط لینا چاہیئے۔

رجستر کے ہیڈنگ کے متعلق

دفعہ ۱۷۳ ہر ایک رجستر کا ہیڈنگ اول ورق پر لگایا جاویگا۔ اور جوڑ پر محکمہ کی مہر کی جاویگی۔ اور ہیڈنگ کے سرنامہ پر دفتر اور صیغہ اور رجستر کا نام اور سنہ فصلی و ہجری کی صراحت کی جاوے گی۔

۵

اہل کاران محکمہ کے متعلق ہدایات عام

حاضری اور برخاست کے متعلق　**دفعہ ۱۷۴** ہر ایک اہلکار دفتر کا فرض ہے کہ وہ وقت دفتر پر ٹھیک حاضر ہو جاوے اور اگر نہ حاضر ہو سکے اور دیر حاضری کی اجازت مطلوب ہو تو اپنی درخواست ٹھیک وقت مقررہ پر بھیجدیوے علی ہذا اگر باتفاق کسی روز رخصت بیماری یا اتفاقی لینا ہو تو اوس کی درخواست بھی وقت حاضری کے اندر روانہ کرنا چاہیئے۔ علی ہذا دفتر آجانے کے بعد قبل از وقت مقررہ بلا اجازت منتظم دفتر دفتر سے برخاست کرنا ناجائز ہے۔ اور جب تک دفتر مین حاضر رہے دفتر ہی کا کام ادا کرے۔ دفتر مین قصہ اور کہانیون کا کہنا یا سونا ناجائز ہے۔

کام کے متعلق　**دفعہ ۱۷۵** ہر اہل کار کو اپنا روزانہ

کام اوسہی روز ختم کرنا چاہیئے۔ ایک روز کا کام دوسرے روز پر ملتوی نہ کرنا چاہیئے۔ اگر بالتفاق کسی روز برخاست کے وقت تک اوس روز کا کام ختم نہ ہو سکے تو باطلاع منتظم دوسرے روز پر اوس کو ملتوی رکہنا چاہیئے۔ جس اہل کار کے پاس کام ملتوی ہے اوس کو دوسرے روز گو کہ بالتفاق تعطیل ہو لیکن تعطیل سے مستفیض ہونا جائز نہین ہے۔

دفعہ ۱۷۶ دفتر کو متقفل کرنے کے متعلق

ہر اہل کار کا فرض ہے کہ ہمیشہ اپنے متعلقہ دفتر کو اپنے قفل مین رکہے اہل کار مذکور ہمیشہ اوس دفتر کا ذمہ دار سمجہا جاوے گا جو دفتر کہ اوس کے سپرد ہے۔ اگر بالتفاق ذرائع حفاظت سے کسی ذریعہ کی ترمیم کی ضرورت ہو تو اہل کار مذکور کا فرض ہے کہ فوراً اپنی ایک تحریری درخواست منتظم دفتر کی خدمت مین پیش کرے منتظم دفتر کا فرض ہے

کہ فوراً ترمیم کا حکم دین جس کے بغیر یعنی بغیر حاصل ہونے اطمینان ذریعہ حفاظت کے نہ اہل کار مذکور برخاست کا مجاز ہوگا اور نہ منتظم۔

دستخط کے متعلق | **دفعہ ۱۷۷** ہر اہل کار کا فرض ہے کہ اپنی دستخط کو صاف حروف مین تحریر کرے اور اپنی دستخط کے ساتہ اپنی خدمت مفوضہ کی صراحت کرے سرکاری کارروائی مین کسی مختصر دستخط یا طغرے کا لکہنا جائز نہین ہے۔ اگر باتفاق کسی وجہ سے عارضی طور پر کسی اہل کار کو حاکم کی اجازت ملے تو بعوض دستخط مُہر کا کرنا جائز ہے۔

مقام نشست کے متعلق | **دفعہ ۱۷۸** ہر اہل کار کا فرض ہے کہ اپنے متعلقہ دفتر اور اوس کی جگہ کو بہت ہی پاک و صاف رکہے سیاہی وغیرہ کے دہبّون سے بستون اور فرش کو ناصاف نرکہنا چاہیئے۔

۹

ممنوعات

دفعہ ۱۷۹ دفتر مین آگ جلانے کی ممانعت

ہر ایک ملازم خواہ افسرون سے ہو یا عملہ سے اس بات کا ذمہ دار ہے کہ وہ دفتر مین آگ نہ لاوے اور نہ روشن کرے۔ نیز ہر ایک اہل کار پر اِس کی ذمہ داری ہے کہ وہ اگر دفتر مین آگ روشن دیکھے تو فوراً اپنی قوت سے اوس کو بجھا دے اور موجودہ کل اہل کارون سے بشرط ضرورت اوس مین مدد لیوے اور بعدہ فوراً افسر دفتر کو اوس کی رپورٹ کرے جس کے لئے افسر دفتر ملازم کی نسبت سزای سخت تجویز کرے گا۔ علیٰ ہذا دفتر مین اور کسی ایسی چیز کا بھی لانا یا رکھنا ممنوع ہے جس سے آگ پیدا ہونے کا اندیشہ ہو۔ نیز وہ اہل کار جو کہ ایسی چیز دفتر مین لاوے یا دفتر مین رکھے سزا کا مستوجب ہوگا۔ گو کہ اوس سے دفتر کو کوئی نقصان

نہ پہونچا ہو۔

دفعہ ۱۸۰ - دفتر مین چراغ روشن کرنے کی ممانعت

دفتر مین چراغ روشن کرنا بھی ممنوع ہے۔ شدید ضرورت کی حالت مین صرف افسر اعلیٰ کے حکم سے چراغ روشن کیا جا سکتا ہے۔ اس شرط کے ساتھ کہ آئینہ دار قندیل مین چراغ روشن ہوا ور افسر محکمہ اپنے روبرو بجھوا کر برخاست کرے۔ پہرہ والون کے لئے جس چراغ کی اجازت ہے وہ مقام دفتر سے بالکل دور اور دوہری قندیل مین رہنا چاہیئے۔ اور اہالی پہرہ کو حکم دینا چاہیئے کہ ہر پہرہ کے بدلتے وقت اوس کے متعلق وردی دیا کرین۔

دفعہ ۱۸۱ - غیر ملازم کو دفتر مین آنے کی ممانعت

دفتر مین ملازمین کے سوا کسی غیر ملازم کو بغیر حکم منتظم جانیکی ممانعت ہے جو کوئی اہلکار اس کے خلاف کسی شخص کو دفتر مین اپنے ساتھ

اوسے گا یا آنے دیگا وہ قابل مواخذہ ہوگا ۔
(استثناء) امیدوار جن کی نسبت حاکم کا تحریری حکم امیدواری کے لئے ہوچکا ہو ۔ یا اہل مقدمات وقت مقررہ پر جو ادائے جواب کے لئے مقرر ہے بحسب ہدایت دفعہ (۱۵۲) اس حکم سے مستثنیٰ ہین ۔

کاغذ کو مشکوک و محکوک کرنے کی ممانعت

دفعہ ۱۸۲ اہل کارون کو ہمیشہ اس بات کا لحاظ رہنا چاہیئے کہ کوئی سرکاری کاغذ مشکوک یا محکوک نہ کیا جاوے ۔ اگر باتفاق کسی تحریر مین غلطی واقع ہو تو عبارتِ غلط کو اِس طرح قلمزد کرنا چاہیئے کہ وہ برابر پڑہی جاسکے اور اوسپر اپنی دستخط کردینا چاہیئے اور اوس کے بعد صحیح عبارت لکھدینا چاہیئے

دفعہ ۱۸۳ علیٰ ہذا کاغذ سادہ یا کاغذ تحریرشدہ پر سیاہی گرجانے کی حالت مین اوس کو دہونا یا چھیلنا بھی ممنوع ہے بلکہ اوس حصہ پر جسپر سیاہی گر پڑی ہے

ایک یادداشت لکھنا چاہیئے کہ (میرے ہاتھ سے گر پڑی۔ تاریخ و دستخط) اور اوس عبارت کی نقل جو زیر سیاہی آگئی ہو حاشیہ پر لکھہ کر اوسپر دستخط کر دیا چاہیئے صدر مجموعہ قوانین مال گزاری مین اس کے متعلق بعض ہدایات صیغہ مال کی نسبت بہت صراحت کے ساتھ طبع ہوے ہین ملاحظہ ہو دفعات (   ) تا (   )

ش
دفتر راز کے متعلق

دفتر راز کی تعریف — **دفعہ ۱۸۴** دفتر راز سے وہ دفتر مراد ہے جس کی کارروائی صرف افسرون کے مابین خفیہ طور پر کی جاتی ہے۔ اِس دفتر کا موصولہ اور مجاریہ اور مثل بندی بالکل جدا ہوگی اور حاکم کی پیشی مین رکھی جاوے گی۔

دفعہ ۱۸۵ حاکم محکمہ مجاز ہے کہ اِس دفتر کی

کارروائی مین ماتحت افسرون سے جس سے مددگار یا
منتظم یا سررشتہ دار مراد ہین دفترداری وغیرہ کے
متعلق مدد لیوے۔ یا کسی خاص اہل کار دفتر کو
یہ کام سپرد کرے۔ جس سے حاکم محکمہ کو اوس درجہ
کا اطمینان ہو۔

دفعہ ۱۸۶۔ اس دفتر کا مجاریہ مرتب اور تیار ہونے
کے بعد حاکم محکمہ کو لفافہ پر لاک سے اپنی مہر کرنا چاہیئے
اور اوسپر دفتر راز کا نشان ڈالنا چاہیئے۔
جس کے بعد وہ مہری لفافہ ایک سادے لفافہ
مین ملفوف کیا جاوے گا اور اوسپر نام مکتوب الیہ
لکھا جاوے گا اور بذریعہ رسید بہی دفتر راز
روانہ ہوگا۔ لفافۂ آخرین پر کوئی علامت راز کی
نہ رہنا چاہیئے اور نہ کوئی لاکھی مہر۔

دفعہ ۱۸۷۔ دفتر راز کی جس مثل کے متعلق حاکم محکمہ کی رائے

مین راز کی ضرورت باقی نہ رہی ہو اوس کی نسبت حاکم محکمہ مجاز ہے کہ مثل مذکور پر حکم تحریری صادر کرے کہ اب یہ مثل فلان صیغہ مین علانیہ منتقل کردی جاوے جس کے بعد دفتر راز کی مثل بند کے خانۂ کیفیت مین دفتر دار صیغہ متعلقہ کی رسید لیکر مثل مذکور با فہرست مکمل دفتر دار مذکور کو دے دی جاوے گی۔ دفتر دار مذکور کا فرض ہوگا کہ اوس کے متعلق حسب ہدایات دفعہ ۱۴۹ عمل کرے۔

ح

متعلق بہ تنقیح دفاتر و آرڈر بک و خاتمہ

تنقیح دفتر کے متعلق

دفعہ ۱۸۸ منتظم دفتر کا کام ہے کہ اقلاً ہر مہینے مین ایک بار اپنے دفتر کے کل صیغون کی تنقیح بتدریج کیا کرے اور نتیجۂ تنقیح سے بذریعۂ

رجسٹر خاص جس کا نمونہ ذیل مین مندرج ہے اپنے حاکم کو اطلاع اور عملہ کی اطلاع یابی کی دستخط بہ نسبت ہدایات نافذہ اوسی رجسٹر مین لی جاوے ۔

نمونہ نمبر (۴۳) رجسٹر تنقیح دفتر ( ) بابت سنہ ف

تاریخ تنقیح	نام حاکم تنقیح کنندہ	نام عہدہ دار و اہلکار جسکے دفتر کی تنقیح ہوئی	کیفیت تنقیح		ہدایت برائے ترمیم	حکم افسر اعلیٰ	کیفیت اطلاع بابت تعمیل
			ایراد	نقص			
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

یہ امر منتظم دفتر کا اقتداری ہوگا کہ حسب ہدایت کو وہ اپنے اختیاری خیال کرے اوسکی نسبت عملہ کو حکم دیدینے کے بعد حاکم کے ملاحظ مین رجسٹر صرف بغرض اطلاع پیش کرے یا خانہ (۷) مین اول حکم حاکم دفتر حاصل کرنے کے بعد عملہ کو اطلاع دیوے ۔

دفعہ ۱۸۹ - اسی رجسٹر تنقیحی مین وہ تنقیح بھی درج ہو سکے گی جو حاکم محکمہ نے خود کی ہو سررشتہ ہاے متعلقہ مین ہر حاکم کو اپنے دفتر کی تنقیح اقلاً کس کس قدر مدت مین کرنا چاہیئے اوس کے متعلق احکام خاص کا جاری کرنا افسر اعلاے سررشتہ کا کام ہے -

دفعہ ۱۹۰ - ہر ایک صیغہ کا صیغہ دار جس مین صیغہ حساب وفینانس کے لئے محاسب اور محافظی کے متعلق محافظ دفتر شامل ہے ذمہ دار ہوگا کہ اپنے صیغہ کے اہل کاران تفصیلی کے کام کی تنقیح ہر روز کرے کہ کام وقت پر جاری ہوتا ہے یا نہین - اگر کسی صیغہ مین منتظم دفتر کی تنقیح کے وقت ملتوی کام نظر آوے گا تو اوس کا جواب دار اول تو صیغہ دار صیغہ ہوگا اور بعدہ اہلکار ماتحت صیغہ دار -

آرڈر بک کے متعلق | دفعہ ۱۹۱ - جن امور کے متعلق منتظم دفتر

یا افسر محکمہ کی راے مین عملہ کے نام کسی ہدایت کی ضرورت معلوم ہو اوس ہدایت کا نفاذ ایک رجسٹر خاص کے ذریعہ سے ہونا چاہیئے جس کا نام آرڈر بک ہوگا۔ جس کا نمونہ ذیل مندرج ہے۔ یہ رجسٹر ہمیشہ منتظم دفتر کے اجلاس پر رہے گا۔ اِسی رجسٹر مین اون نئی ہدایات کی بھی نقل بغرض جامعیت احکام کی جاوے گی جو بضمن تنقیح رجسٹر نمبر (۴۳) مین صادر ہوئی ہون جن کی نسبت منتظم دفتر کا کام ہوگا کہ اِن ہدایات پر اشارہ کرے کہ فلان فلان ہدایات آرڈر بک مین نقل ہونے کے قابل ہین۔ یہ کام اوس اہل کار کے ذمہ ہوگا جس کو منتظم دفتر حکم کرے۔ بعد ازین کہ حکم مندرجۂ رجسٹر نمبر (۴۳) بحکم منتظم دفتر آرڈر بک مین نقل ہو منتظم دفتر کی دستخط اوسپر لینا چاہیئے۔

نمونہ نمبر (۴۴) آرڈر بک متعلقہ دفتر (   ) بابتہ سنہ   ف

نشان سلسلہ	تاریخ	حکم	کیفیت تعمیل حکم
۱	۲	۳	۴

خاتمہ

اِس کتاب کی ترتیب ختم ہو چکی۔ مؤلف کتاب ہر ایک تجربہ کار ملازم سے اعم ازین کہ وہ افسر ہو یا اہل مد۔ امید کرتا ہے کہ اگر کوئی مفید ہدایت متعلق بانتظام دفتر اِس رسالہ مین درج ہونے سے رہ گئی ہو تو براہِ مہربانی مؤلف کو اوس کی اطلاع سے شکرگزاری کا موقع دین۔

مؤلف کمال شکر گزاری کے ساتھ اوس کو طبع ثالث
مین شامل کرے گا۔

خاکسار

جس رسالہ پر مؤلف کی دستخط نہون وہ مسروقہ سمجھا جاوے۔

۱۶۴